جنوری، فروری
1966

المنار



تعلیم الاسلام کالج ربوہ

ماہ دسمبر ۱۹۶۳ء میں جماعت احمدیہ کو دو مقدس وجودوں کی جدائی کے غم سے دو چار ہونا پڑا ۔ حضرت سیدہ ام وسیم احمد صاحبہ رضی اللہ عنہا حرم سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالی کی المناک وفات ایک عظیم جماعتی سانحہ تھی ۔ آپ نے کم و بیش ۳۶ سال تک حضور ایدہ اللہ تعالی کی زوجیت میں رہ کر جماعت کی خواتین کی تربیت فرمائی ۔ فجزاھا اللہ خیراً ۔

حضرت سیدہ مرحومہ رض کی وفات پر ابھی چند دن گزرے تھے کہ جماعت کے ایک محبوب ربانی عالم حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی رضی اللہ عنہ بھی اس عالم فانی سے عالم جاودانی کی طرف رحلت فرما گئے ۔ مولانا کی زندگی کا ہر لمحہ اسلام اور احمدیت کی خدمت کے لئے وقف تھا آپ صاحب کشف و الہام اور مستجاب الدعوات روحانی بزرگ تھے ۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی دونوں مقدس وجودوں کو اعلی علیین میں جگہ دے اور اجر جزیل سے نوازے ۔ آمین

ادارہ المنار سیدنا حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ تعالی اور جملہ افراد خاندان نیز حضرت مولانا مرحوم کے خاندان اور جملہ افراد جماعت سے ہمدردی اور قلبی تعزیت کا اظہار کرتا ہے اور مرحومین کے درجات کی بلندی کے لئے دست بدعا ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

روشنی اور رفعت کا مینار

المنار

تعلیم الاسلام کالج ربوہ

مدیران

عطاء المجیب راشد

شمشاد علی سید

مبارک احمد عابد

جلد ۱۳ — جنوری، فروری ۱۹۶۴ء — شمارہ ۲

قلمکار

- محمد ارشد ایم ایس سی
- جمشید ہاشمی
- بشیر افضل جعفری
- ثمامۃ البشریٰ
- مجیب اللہ خان
- سعید انجم
- منظر حسین
- نعیم قدسی
- انعام ہاشمی

اور دوسرے!

(جمشید ہاشمی پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر تعلیم الاسلام کالج ربوہ سے شائع کیا)

قال اللہ تعالیٰ وقال الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

درود شریف کی تاکید

محسن اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے کے بارہ میں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے :-

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ (الاحزاب : ۵۶)

کہ اللہ تعالیٰ یقیناً اس نبی (یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم) پر اپنی رحمت نازل کر رہا ہے اور اس کے فرشتے بھی یقیناً اس کے لئے دعائیں کر رہے ہیں۔ پس اے مومنو! تم بھی اس نبی (محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیجتے اور ان کے لئے دعائیں کرتے رہا کرو اور (خوب جوش و خروش سے) ان کے لئے سلامتی مانگتے رہا کرو۔

درود شریف کے سلسلہ میں خود میرے آقا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم (فداہ ابی و امی) نے ارشاد فرمایا ہے :-

"مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا ۔ (مسلم)

کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر اسکے بدلہ میں دس مرتبہ اپنی سلامتی نازل فرماتا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے کہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :-

رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ ۔ (ترمذی)

کہ اس شخص کی ناک خاک آلود ہو یعنی وہ ذلیل و رسوا ہو جس کے سامنے میرا ذکر کیا گیا اور پھر بھی اس نے مجھ پر درود نہ بھیجا۔ (ایک دوسری روایت میں درود نہ بھیجنے والے کو بخیل قرار دیا گیا ہے)

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ ایک حدیث درج کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :-

اِنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَيَّامِكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَاَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلَاةِ فِيْهِ .... (ابوداؤد)

کہ جمعہ کا دن تمہارے دنوں میں مبارک اور افضل دن ہے۔ پس اے مسلمانو! اس روز مجھ پر کثرت سے سلام و درود بھیجا کرو۔

ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ حضور سرور کونین حضرت خاتم النبیین محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا خاص اہتمام کرے اور اس پر مداومت اختیار کرے کیونکہ یہ امر اللہ تعالیٰ کے قرب کا موجب ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

اداریہ

سخنہائے گفتنی

تہذیب و تمدن کے اِس ترقی یافتہ دَور میں، جو آج بھی بڑی سرعت کے ساتھ ترقی پذیر ہے، انسانی ذہن ایسے وسائل کو بروئے کار لانے کی فکر میں ہے جن کے ذریعہ ترقی کی معراج تک پہنچنے کا فاصلہ کم سے کم وقت میں طے کیا جا سکے لیکن اِن عجیب و غریب ایجادات اور انکشافات کے جلو میں بعض ایسی روایات نے بھی جنم لیا ہے جن کے متعلق اندیشہ ہے کہ کسی وقت بھی اِس ترقی کی راہ میں حائل ہو سکتی ہیں۔ انسان چاہتا تو یہی ہے کہ اپنے اصل مقصد کو حاصل کرے اور اِس باب میں قدرت کے سربستہ اسرار کی نقاب کشائی کرے لیکن بعض اوقات عمداً یا غیر ارادی طور پر وہ اپنے معیّن دائرہ سے نکل کر دوسروں کے معاملات میں بے جا دخل اندازی شروع کر دیتا ہے جس کا لازمی نتیجہ چپقلش، شکر رنجی اور ہر دو افراد کے فرائض کی ادائیگی میں تعطّل ہوتا ہے۔

طلباء ملک کا بیش قیمت اثاثہ ہوتے ہیں بلکہ اُن کی اہمیت و افادیت کے لحاظ سے انہیں قوم کی ریڑھ کی ہڈی کہنا چاہیئے۔ حصولِ تعلیم کے بعد ملکی فرائض کا بوجھ اُنہی کے کندھوں پر پڑنے والا ہے اور انہی طلبہ کو اپنے اسلاف کی مقدس روایات کی پاسبانی کرنی ہوگی لیکن مقامِ افسوس ہے کہ طلباء زندگی کی رنگینیوں میں کھو کر اپنے فرائضِ منصبی کو بھولتے جا رہے ہیں۔ حصولِ علم اور سیاست ہماری نگاہ میں دو الگ الگ امور ہیں جن میں بیک وقت صحیح معنوں میں حصّہ نہیں لیا جا سکتا۔ طلبہ کے حالیہ ہنگامے دیکھ کر طلبہ کی کوتاہ بینی پر رونا آتا تھا کہ وہ اِس بات کا فیصلہ کر سکے کہ فی الوقت اُن کے لئے کونسی بات زیادہ اہم ہے، حصولِ علم یا سیاست؟ حصولِ علم ایک مقدّس فریضہ ہے جو ہر مسلمان کے لئے لازمی ہے اور یہی نہیں بلکہ فرشتے طالبِ علم کے لئے اُس وقت تک اپنی امانت و نصرت کے بازو پھیلائے رکھتے ہیں جب تک وہ حصولِ تعلیم میں مصروف رہتا ہے۔ سیاست کی افادیت اور ضرورت سے انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن ہر کام کرنے کا ایک وقت ہوتا ہے اور پھر ہر کام ہر آدمی کے بس کا روگ نہیں ہوتا۔ سیاست ملک کے نظامِ حکومت کو چلانے کا نام ہے، ظاہر ہے کہ صرف آزمودہ کار اور تجربہ کار افراد ہی اِس عظیم ذمّہ داری سے عہدہ برآ ہو سکتے ہیں۔ اور وہ طلبہ جن کے ذہن ابھی ذہن صیقل ہوتے ہیں اور نہ انہوں نے جہانبانی کے طور و اطوار سے آگہی حاصل کی ہے اس حالت میں میدانِ سیاست کے شہسوار نہیں بن سکتے۔ انسان کی خوبی یہ ہے کہ وہ وقت کی نزاکت کو

پہچانیں اور انہی کاموں کو مقدم و افضل سمجھیں جن کا وقت تقاضا کرتا ہے اور دیگر امور کو اُس وقت تک کے لیے اُٹھا رکھے جب تک ان کا مناسب وقت نہ آجائے۔

ہر چند کہ ہم خود طالب علم ہیں اور اِس دَور سے گزر رہے ہیں جسے عوام الناس کی اصطلاح میں خصوصی طور پر طالبعلمی کا زمانہ کہا جاتا ہے اور ہمیں اِس بات کا بھی اندیشہ ہے کہ شاید ہماری یہ گزارش ہمارے طالب علم بھائیوں کی ناراضگی کا موجب ہو لیکن ہم اِس بات کے اظہار سے رُک نہیں سکتے کہ ہماری دانست میں طلبہ کا ملک کی سیاست میں عملی حصّہ لینا انہیں ہرگز زیب نہیں دیتا۔ طلبا کا اصل فرض یہ ہے کہ وہ اپنی تمام تر کوششیں حصولِ علم کے لئے صرف کریں اور اِس مقدّس فریضہ کو ایک لمحہ کے لئے بھی اپنی نظروں سے اوجھل نہ ہونے دیں۔ طلبہ کو اپنا مقام پہچاننا چاہیئے اور جس بات کے وہ اہل نہیں اُس میں دخل اندازی کی احمقانہ جسارت ہرگز نہ کرنی چاہیئے۔ اگر ہمارے طالب علم بھائی اپنے نفسوں کا محاسبہ کریں اور اِس بات پر ٹھنڈے دل سے غور کریں کہ کیا ہڑتالوں، احتجاجوں اور دیگر تخریبی کارروائیوں سے وہ ان مقاصد کو پورا کر رہے ہیں جن کی خاطر وہ مادرِ علم سے وابستہ ہوئے ہیں تو شاید انہیں اپنی غلط روی کا احساس ہو جائے۔ طلبا فی الوقت اس تعلیمی اور اخلاقی نقصان کا اندازہ کر سکیں یا نہ کر سکیں لیکن وقت آتا ہے جب وہ دل ہی دل میں شرم و ندامت محسوس کریں گے لیکن اُس وقت اُن کا افسوس اِس عظیم نقصان کی تلافی نہ کر سکیگا۔ ہمیں خطرہ ہے کہ اگر ہمارے طالب علم بھائیوں نے حصولِ علم کے مقدّس فریضہ کی اہمیت کو نہ سمجھا اور بزرگوں کی مخلصانہ نصائح پر کان نہ دھرا تو اس کے نتائج انتہائی خطرناک ہوں گے۔ کاش طلبہ میں حصولِ علم کی حقیقی تڑپ پیدا ہو اور وہ اِس کام میں اِس قدر منہمک ہو جائیں کہ بیرونی عوامل ان کی پڑھائی میں خلل انداز نہ ہوں۔ ان میں علم حاصل کرنے کی ایسی لگن پیدا ہو کہ وہ ہر اُس چیز سے نفرت و حقارت کرتے ہوئے مجتنب رہیں جو اُن کے پُرسکون ماحول میں رخنہ انداز ہو کر ان کی توجہ منتشر کرنے کا باعث ہو۔ اگر یہ صورت پیدا ہو جائے تو ہمیں یقین ہے کہ طلبہ میں ایسی اعلیٰ علمی اور اخلاقی استعداد پیدا ہوگی کہ وہ خود بھی اپنے آپ پر فخر کر سکیں گے اور اپنے ملک کے لئے بھی سرمایۂ صد افتخار ہوں گے۔

(ع - م - ر)

تبرّکات

ہمارا پیارا رسُولؐ

(کلمات طیّبات سیّدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصّلوٰۃ والسّلام)

"ہمارا اعتقاد ہے کہ ہمارے رسول (سیّدنا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم) تمام رسولوں سے بہتر اور سب رسولوں سے افضل اور خاتم النبییّن ہیں اور افضل ہیں ہر ایسے شخص سے جو آئندہ آئے یا جو گزر چکا ہو۔" (آئینہ کمالات اسلام صفحہ ۳۲۲)

"وہ مبارک نبی حضرت خاتم الانبیاء، امام الاصفیاء، ختم المرسلین، فخر النبییّن جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اے پیارے خدا اس پیارے نبیؐ پر وہ رحمت اور دُرود بھیج جو ابتداء دنیا سے تُو نے کسی پر نہ بھیجا ہو۔"

(اتمام الحجۃ صفحہ ۲۸)

"وہ توحید جو دنیا سے گم ہو چکی تھی وہی ایک پہلوان ہے جو دوبارہ اس کو دنیا میں لایا۔ اس نے خدا سے انتہائی درجہ پر محبّت کی اور انتہائی درجہ پر بنی نوع انسان کی ہمدردی میں اس کی جان گداز ہوئی۔ اسلئے خدا نے جو اس کے دل کے راز کا واقف تھا اس کو تمام انبیاء اور تمام اوّلین و آخرین پر فضیلت بخشی اور اس کی مرادیں اس کی زندگی میں اس کو دیں۔ وہی ہے جو سرچشمہ ہر ایک فیض کا ہے اور وہ شخص جو بغیر اقرار افاضہ اس کے کسی فضیلت کا دعویٰ کرتا ہے وہ انسان نہیں بلکہ ذرّیتِ شیطان ہے کیونکہ ہر ایک فضیلت کی کنجی اس کو دی گئی ہے اور ہر ایک نعمت کا خزانہ اس کو عطا کیا گیا ہے۔ جو اس کے ذریعہ سے نہیں پاتا وہ محروم ازلی ہے۔ ہم کیا چیز ہیں اور ہماری حقیقت کیا ہے۔ ہم کافر نعمت ہوں گے اگر اس بات کا اقرار نہ کریں کہ توحید حقیقی ہم نے اسی نبیؐ کے ذریعہ سے پائی۔ اور زندہ خدا کی شناخت ہمیں اس کامل نبیؐ کے ذریعہ سے اور اس کے نور سے ملی ہے اور خدا کے مکالمات اور مخاطبات کا شرف بھی جس سے ہم اس کا چہرہ دیکھتے ہیں اسی بزرگ نبی کے ذریعہ سے ہمیں میسّر آیا ہے۔" (حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۱۵)

"تمام آدمزادوں کے لئے اب کوئی رسول اور شفیع نہیں مگر محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔ سو تم کوشش کرو کہ سچّی محبّت اس جاہ و جلال کے نبیؐ کے ساتھ رکھو اور اس کے غیر کو اس پر کسی نوع کی بڑائی مت دو تا کہ آسمان پر تم نجات یافتہ لکھے جاؤ۔"

(کشتی نوح صفحہ ۲۳)

کلام الامام

(سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام)

پاک و برتر ہے وہ جھوٹوں کا نہیں ہوتا نصیر
ورنہ اُٹھ جائے اماں پھر سچے ہوویں شرمسار

ہے کوئی کاذب جہاں میں لاؤ لوگو کچھ نظیر،
میرے جیسی جس کی تائیدیں ہوئی ہوں بار بار

یہ اگر انساں کا ہوتا کاروبار اے ناقصاں
ایسے کاذب کے لئے کافی تھا وہ پروردگار

کچھ نہ تھی حاجت تمہاری نے تمہارے مکر کی
خود مجھے نابود کرتا وہ جہاں کا شہریار

اس قدر یہ زندگی کیا افترا میں کٹ گئی
پھر عجب تر یہ کہ نصرت کے ہوئے جاری بحار

صاف دل کو کثرتِ اعجاز کی حاجت نہیں
اِک نشاں کافی ہے گر دل میں ہو خوف کردگار

امام الکلام

(سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ)

مُردوں کی طرح باہر نکلو اور ناز و ادا کو رہنے دو
سِل رکھ لو اپنے سینوں پر اور آہ و بکا کو رہنے دو

اب تیرِ نظر کو پھینک کے تم اک خنجرِ آہن ہاتھ میں لو
یہ فولادی پنجوں کے ہیں دن اب دستِ حنا کو رہنے دو

کیا جنگوں سے مومن کو ہے ڈر وہ موت سے کھیلا کرتا ہے
تم اس کے سَر کرنے کے لئے میدانِ وغا کو رہنے دو

مسلم جو خدا کا بندہ تھا افسوس کہ اب یوں کہتا ہے
اسباب کرو کوئی پیدا جبریلؑ و خدا کو رہنے دو

خود کام کو چوپٹ کر کے تم اللہ کے سر منڈھ دیتے ہو
تم اپنے کاموں کو دیکھو اور اُس کی قضا کو رہنے دو

جو اُس کے پیچھے چلتے ہیں ہر قسم کی عزت پاتے ہیں
لگ جاؤ اُسی کی طاعت میں اور چون و چرا کو رہنے دو

اپنی باتیں

● زیرِ نظر شمارہ ۱۹۶۴ء کا پہلا شمارہ ہے ——— ہم نے نئے عزم اور نئے ارادہ کے ساتھ کام کرنے کا وعدہ کیا تھا ہم اس عہد کو کہاں تک پورا کر سکے ہیں اس کا اندازہ آپ اس شمارہ کو پڑھنے کے بعد لگا سکیں گے ہمیں اپنی رائے سے ضرور مطلع فرمائیے گا!!

● اس شمارہ میں مقالات کا حصہ خاصہ ضخیم ہے ——— ہمیں خوشی ہے کہ ہمارے طلباء اس طرف توجہ کر رہے ہیں ——— اساتذہ کے بارہ میں کچھ کہنا "سوئے ادب" ہے اسلئے ہم دوبارہ ان سے درخواست کرینگے کہ وہ "اپنے بچوں" کے اس رسالہ کو فراموش نہ فرمائیں۔

● پروفیسر محمد ارشد صاحب کا مقالہ "سورج سے بجلی" شریکِ اشاعت ہے۔ پروفیسر موصوف نے پنجاب یونیورسٹی میں شمسی توانائی کے موضوع پر باقاعدہ تحقیقات کی ہے۔ اس لئے اُن کی رائے بہرحال ایک محقق کی رائے ہے۔ اگلے پرچہ میں انشاء اللہ اس موضوع پر ان کا ضخیم اور مکمل مقالہ شائع کیا جائے گا۔

حمامۃ البشریٰ صاحبہ ایم۔اے عربی کی طالبہ ہیں ان کا مقالہ "اسلام اور تصوف" شریکِ اشاعت ہے۔ اس عنوان پر مزید علمی تحقیق شکریہ کے ساتھ قبول کی جائے گی۔ ع صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لئے!

● اب کے افسانوں کا حصہ بھی کچھ رُو بہ ترقی ہے ——— سعید انجم صاحب کا افسانہ ایک مفلس بچے کے تجزیہ نفس پر مشتمل ہے۔ وہ کہاں تک اس میں کامیاب ہوئے ہیں؟ یہ تو پروفیسر صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب یا آپ ہی فرما سکیں گے ——— ادبی حیثیت سے افسانہ بڑا کامیاب ہے! ہم اس کے لئے انجم صاحب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں ———

مجیب اللہ خان صاحب کی ستھری زبان اور منظر کشی قابلِ داد ہے!

● اب کے کچھ غزلیں بھی شائع ہو رہی ہیں لیکن ہم ان کے معیار سے پوری طرح مطمئن نہیں ——— تمام حضرات سے یہی درخواست ہے کہ ع

گیسوئے تابدار کو اور بھی تابدار کر!

جناب شیر افضل جعفری صاحب ہمارے خاص شکریہ کے مستحق ہیں۔ بڑھیئے اور لطف اٹھائیے!

نظموں میں نعیم قدسی صاحب کی نظم دورِ حاضر کے ہر انسان کے دل کی آواز ہے جو ایک دوراہے پر کھڑا ہے اور نہیں جانتا کہ کیا ہوگا!

کریم قمر صاحب گویا قدسی صاحب کی الجھن کا جواب پیش کر رہے ہیں!

● المنار کا اگلا شمارہ انشاء اللہ سالنامہ ہوگا۔ ابھی سے توجہ فرمائیے! پرچہ انشاء اللہ مارچ کے چوتھے ہفتہ میں شائع ہوگا!

(مدیران)

مقالات

- جنید ہاشمی
- حمامۃ البشریٰ
- محمد ارشد
- مظہر حسین

جنید ہاشمی

شعر کیا ہے؟

شعر کا لفظ عربی ہے جو "شعور" سے نکلا ہے۔ شعور کے معنی دانش کے ہیں یعنی "جاننا"۔ شعر کیا چیز ہے؟ اس کی تعریف مختلف علما و شعراء نے مختلف بیان کی ہے۔ مغربی لوگ ہر اس کلام کو شعر کہتے ہیں جس میں "شعریت" ہو، خواہ وہ نثر ہو یا نظم۔ گویا کہ علمائے یورپ کی یہ انتہا پسندی ہے کہ وہ ہر اس "ادب پارہ" کو جس میں حُسن ہو اور اثر ہو شعر کا نام دیتے ہیں۔ اس کے برعکس مشرقی علماء نے کلام کے دو حصے کیے ہیں، ایک کو وہ "نثر" کہتے ہیں اور دوسرے کو "نظم"۔ اور پھر وہ "نظم" جس میں شعریت ہو (یعنی جس میں جذبات ہوں اور حُسن ہو) وہ شعر ہے لیکن عروضیوں نے کہا ہے کہ شعر وہ کلام موزوں ہے جو مقفّیٰ اور بالارادہ ہو۔ ذیل میں ہم مشرقی اور مغربی علماء کی "شعر" کے متعلق آراء درج کرتے ہیں۔ شاید آپ میں سے کوئی صاحب اس کی جامع و مانع تعریف سمجھنے کے قابل ہو سکے۔

(۱) "شعر وہ کلامِ موزوں ہے جو خیال انگیز اور مؤثر ہو۔" (نصیر الدین طوسیؒ)

(۲) "عروضیوں کے نزدیک شعر کلامِ موزوں کا نام ہے اور منطقیوں کے نزدیک خیال انگیز اور مؤثر کلام کا نام شعر ہے۔" (جاحظ عربی مصنف)

(۳) "شعر کلامِ موزوں کا نام ہے، جو بغیر اجازت دل میں اتر جائے۔" (حسرت موہانی)

؎ شعر دراصل وہی ہے حسرت ۔ سنتے ہی جو دل میں اتر جائے!

(۴) "شعر وہ خوش آئند کلام ہے جسے سن کر ہم محظوظ ہوں، یا متعجب یا متأثر۔" (بوعلی سینا)

(۵) "شاعری ایک صناعت (فن art) ہے کہ جو مقدماتِ موہوم پر مبنی ہے اور جس کے پڑھنے سے بعض خیالات آپ کے دل میں پیدا ہوتے ہیں اور اس کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ شاعر بڑی شے کو چھوٹی اور چھوٹی کو بڑی کر کے دکھا سکتا ہے، اسی طرح خوبصورت چیز کو بدنما اور بدصورت کو خوشنما بنا سکتا ہے۔" (نظامی عروضی السمرقندی)

(۶) "شعر ایسا کلام ہے جو موزوں اور مقفّیٰ ہو اور بالارادہ لکھا گیا ہو۔" (ابن رشیق کتاب العمدہ میں)

(۷) "شعر منطق کی وہ قسم ہے جس میں تصدیق کا قائم مقام تخیّل ہوتا ہے اور یہ نفسِ انسان پر انبساط یا انقباض کا اثر ڈالتا ہے۔"

(ابنِ خلدون)

(۸) "شعر ایسا فن ہے جس میں طبیعت، جذبات، روایات (نقالی) اور ذکاوت (تخیّل) کو دخل ہوتا ہے۔" (محیط باب شعر)

(۹) "شاعری ایک مصوری اور نقالی ہے جو جذبات اور احساسات کی تصویر الفاظ میں کھینچتی ہے" (ارسطو)

(۱۰) "شعر وہ کلام موزوں ہے جو ایک حساس آدمی کے قلب سے پیدا ہوتا ہے اور سُننے والے کو متاثر کرتا ہے بلحاظ اِس کے کہ شاعر اسے حسین صورت میں پیش کرتا ہے" (کتاب العمدہ فی صناعۃ الشعر)

مندرجہ بالا مشرقی اربابِ تنقید کے خیالات ہیں۔ مغربی نقادوں نے شعر کے متعلق جو تعریفات کی ہیں اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ مشرق میں مغرب کی بہ نسبت شعری تنقید کو بہت کم ارتقاء نصیب ہوا ہے۔ ذیل میں مغربی نقادوں کے اقتباسات ملاحظہ فرمائیے :-

(۱) "شعر مقفّٰی انشاء ہے۔ یہ ایسا فن ہے جو تعقّل اور تخیّل کی مدد سے انبساط کا پیوند صداقت کے ساتھ لگاتا ہے"
(ڈاکٹر جانسن)

(۲) "شعر انشاء کی وہ نوع ہے جو سائنس کی مدّ مقابل ہے۔ اس کا راست مقصد انبساط ہے نہ کہ صداقت" (کالرج)

(۳) "شعر صداقت اور حُسن اور قدرت کے ساتھ عشق کا اظہار ہے۔ اس کے ادراکات کی توضیح تخیّل کے ذریعہ کی جاتی ہے اور اس کی زبان کا توازن یکسانیت میں اختلاف کے اصول کا تابع ہے" (لے ہنٹ)

(۴) شعر، الفاظ کا ایسا استعمال ہے کہ اس سے تخیّل دھوکا کھا جائے۔ مصوّر رنگ کی مدد سے جو کام کرتا ہے اس کو الفاظ کے ذریعہ سرانجام کرنے کی صنعت کا نام شاعری ہے" (میکالے)

(۵) شعر کسی چیز یا کسی واقعہ کا فطری تاثر ہے جو اپنی صفائی کی بدولت جذبات اور تخیّل میں ایک غیر ارادی تحریک برپا کر دیتا ہے اور اسی تحریک کی مطابقت سے اس کے اظہار کی آواز اور طرز میں اُتار چڑھاؤ پیدا ہو جاتا ہے" (ہیزلٹ)

(۶) "شعر تخیّل کی زبان ہے" (شیلے)

(۷) "شعر انسان اور فطرت کا عکس ہے اور شدید جذبات کا از خود چھلکنا ہے" (وَرڈزورتھ)

(۸) "شاعری تنقیدِ حیات ہے۔ ان اصولوں کے ماتحت جو شاعرانہ صداقت اور شاعرانہ حُسن کے مقرر کردہ ہیں" (میتھو آرنلڈ)

(۹) "شعر مترنم خیال ہے" (کارلائل)

(۱۰) "شاعری جس کا مظہر الفاظ ہوں، وہ حُسن کی مستحسن پیداوار ہے" (ایڈگر ایلن پو)

(۱۱) "شعر ایسی متوازن اور تخیّلی زبان ہے جو مذاق، اختراع، خیالات، جذبات اور بطونِ انسان کو ظاہر کرتی ہے" (اسٹڈین)

(۱۲) "شاعری مسرّت زا صنعت گری ہے۔ جس میں تخیّلی حقائق مستحسن زبان میں ادا کئے جاتے ہیں" (ڈبلیو۔ جے۔ کار تھوپ)

(۱۳) "شاعری موضوع کے مناسب مستحسن زبان بلکہ بحر میں ان اشیاء کا جو پُر معنی ہوں تخیّلی اور جذباتی اظہار یا ایماء ہے" (گیلے)

(۱۴) "شاعری ادب ہے جو عام طور سے انسان سے گہرا اور اعلیٰ علاقہ رکھتا ہے۔ انسانی دلچسپی کے جُز و کے علاوہ اس میں جمالی دلچسپی بھی بدرجہ اتم موجود ہوتی ہے۔ کیونکہ ان لوگوں میں جن کے تفکّر کا ذریعہ ایسی زبان ہے جس میں شعر لکھا جاتا

ہے رفتہ رفتہ جمالی حُسن کے ایسے نفیس سانچے تیار ہو جاتے ہیں کہ خیالات کو حُسن کا دلآویز رنگ عطا کر کے پڑھنے والوں کے قلوب کو متاثر کر سکتے ہیں۔" (ایم۔ ایچ۔ لڈل)

شعر کی حد بندی میں یہ ناکامی کچھ علماء کے اپنے قصور کا سبب نہیں ہے بلکہ دراصل شعر کی نزاکت کسی تعریف کی متحمل نہیں ہو سکتی لیکن مندرجہ بالا اقتباسات سے شعر کے بنیادی عناصر کا ضرور پتہ چلتا ہے۔ مثلاً (ا) شعر چونکہ آرٹ ہے اس لئے اس میں زبان اور اسلوب کی نزاکت اور خوبی کا موجود ہونا ضروری ہے۔ (ب) شاعری بغیر تخیل کے پیدا ہی نہیں ہو سکتی۔ (ج) موزونیت جس سے جذبات خاص طور پر متاثر ہوتے ہیں لیکن وزن کے معنی محدود بحری وزن کے نہیں ہیں۔

موزونیت ایک وجدانی کیفیت ہے جو بعض چیزوں کی ظاہری شکل میں نظر آتی ہے اور بعض کی اندرونی شکل سے اس کا اظہار ہوتا ہے۔ کلام اگرچہ الفاظ کے مجموعے کا نام ہے مگر بولنے میں آوازیں جو زیر و بم پیدا ہوتا ہے وہ موزوں معلوم ہوتا ہے۔ اور یہ موسیقی کی آوازیں ہیں اور عروضی صفت رکھتی ہیں اور یہی شعریت کی جان ہے۔

موزونیت کی مثالیں

؎ مجھے پینے دے پینے دے کہ تیرے جامِ لعلیں میں
ابھی کچھ اور ہے۔ کچھ اور ہے۔ کچھ اور ہے ساقی!

؎ یہ گھر گو چہ میرا ہے تیرا نہیں
مگر پھر بھی تیرا ہے میرا نہیں (سحر البیان)

؎ لختِ دل اور اشکِ تر۔ دونو باہم دونو جدا
دونوں رواں بہ ہمسفر۔ دونو باہم دونو جدا

اِن شعروں میں سوائے موزونیت کے آپ کو کوئی بات نہیں ملے گی۔ حیوانات پر جب کوئی جذبہ طاری ہوتا ہے تو وہ اس کا اظہار مختلف آوازوں کی صورت میں کرتے ہیں لیکن انسان پر جب یہ جذبہ تیز ہوتا ہے وہ اسے الفاظ کے ذریعہ ظاہر کرتا ہے۔ کبھی حرکات کے ذریعہ بھی اظہار کرتا ہے۔ گویا اصل شعر الفاظ، وزن، نغمہ اور رقص کے مجموعے کا نام ہے لیکن چونکہ یہ تمام چیزیں جذبات کے کمالِ شدت کے وقت پیدا ہوتی ہیں اس لئے ہر شعر میں ان تمام چیزوں کا پایا جانا ضروری نہیں۔ تاہم کوئی شعر راگ سے خالی نہیں ہو سکتا۔ وزن شعر کا ضروری جزو ہے جو راگ کی ایک قسم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اہلِ عرب شعر پڑھنے کو انشاد یعنی گانا کہتے ہیں۔ مثلاً اس شعر میں دیکھئے کتنا ترنم ہے ؎

کرم اے شہِ عرب و عجم کہ کھڑے ہیں منتظر کرم
وہ گدا کہ تو نے عطا کیا ہے جنہیں دماغِ سکندری (اقبال)

دوسری چیز ہمارے بزرگوں کے نزدیک شعر میں وزن ہونا ضروری ہے۔ وزن سے مراد **عروضی وزن** ہے اور اس پر جمہور کا اتفاق ہے۔ ہمارے عروضیوں نے اس کے لئے اٹھارہ بحور مقرر کئے ہیں اور شاعری اس کے اندر بند کر دی گئی ہے ؎

؎ نہ خدا ہی ہم سے راضی۔ نہ بُت ہی ہم پہ مائل
رہے یونہی پس ماندہ نہ اِدھر کے نہ اُدھر کے
(بحرِ رمل مثمن)
(فعلاتن - فاعلاتن - فعلاتن - فاعلاتن)

یا ؎ نہ کھینچ اے شانہ اِن زلفوں کو یاں سودا کا دل اٹکا
اسیرِ ناتواں ہے یہ۔ نہ دے زنجیر کو جھٹکا
بحرِ ہزج مثمن مفاعیلن ۸ بار

تیسری چیز ہمارے علماء نے شعر کے لئے **قافیہ** قرار دی ہے۔ اصطلاح میں قافیہ اُن چند حروفِ معین کا نام ہے جو کسی قصیدے، غزل کے مطلع میں یا مثنوی کے اکثر ابیات کے ہر مصرع کے آخر میں مکرر آتا ہے۔ یہ مستقل نہیں بلکہ بدلتا رہتا ہے۔ مثلاً ؎

بدل کر فقیروں کا ہم بھیس غالب
تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں

یہاں قافیہ صرف "م" ہے اور "دیکھتے ہیں" ردیف ہے (یعنی بار بار آنے والا) اس کو ردی بھی کہتے ہیں۔ اہلِ عرب اس کے قائل نہیں تھے بلکہ صوت پر چلتے تھے ـــــ بہرحال قافیہ کی بھی کئی طرزیں ہیں۔ مکرر قافیے یعنی دو لفظوں کی تکرار سے بھی قافیہ پیدا کیا جاتا ہے۔ قافیہ نہ صرف صوتی لحاظ سے ہی اثر پیدا کرتا ہے بلکہ معنویت کے لحاظ سے بھی مؤثر ہوتا ہے اور اسے اور اُجاگر کرتا ہے۔ اور یہ ایک لمبا قصہ ہے۔ قافیہ کے لفظی معنے "پیچھے آنے والا" کے ہیں اور اس کی کئی صورتیں ہیں مثلاً قافیہ کے اندر ردیف بھی ہو سکتی ہے :-

؎ عاشقی میں کٹتی ہیں کیا خوب راتیں
دو چار گھڑی رونا۔ دو چار گھڑی باتیں

سنگلاخ زمینوں میں مشکل قافیے باندھنا قابلیت کی بیشک دلیل ہے لیکن شعر کی خوبی نہیں کہی جا سکتی۔ اکبر الہ آبادی اور ظفر علی خاں مشکل قافیے کے لئے مشہور ہیں لیکن جگر مراد آبادی کی غزل "لہرا کے پی گیا" کا قافیہ صوتی لحاظ سے جو اثر پیدا کرتا ہے وہ لاجواب ہے۔ قافیے کا التزام بعض رکاوٹیں بھی پیدا کرتا ہے اسی لئے علمائے یورپ نے اسے سہولت سے اظہار کے منافی قرار دیا ہے۔ بہرحال یہ ایک الگ بحث ہے، ہمیں صرف یہ جاننا ضروری ہے کہ شعر کی بعض لفظی خوبیاں ہوتی ہیں اور بعض اس کی اندرونی خصوصیات، ان کی چند ایک مثالیں درج ذیل ہیں۔ شعر کی معنوی خوبیوں میں سے پہلی "خیال کی

اصلیت" ہے۔ یعنی جس چیز سے وہ خیال متعلق ہے اس کا وجود حقیقت میں ہو، یا عقل یا اعتقاد کی رُو سے ممکن ہو یا مان لیا گیا ہو۔ فرضی باتوں سے دل پر اثر ڈالنا بھی شاعری ہے مگر اصلیت میں دلکشی پیدا کرنا شاعری کی معراج ہے :۔

؎ کبھی نہ ہوش میں ہم لے خیالِ یار آئے
کسی کے در پہ گئے جب اسے پکار آئے

اب خیال کی اصلیت ملاحظہ ہو :۔

؎ دل میں اِک اضطراب باقی ہے ÷ یہ نشانِ شباب باقی ہے

؎ کنجِ قفس میں تھی یہ تمنّا۔ قید سے ہوں آزاد کہیں
خوف ہے اب بے بال و پری میں۔ چھوڑ نہ دے صیّاد کہیں

(۲) سادگی :۔ خیال کی سادگی سے مراد یہ ہے کہ کسی قسم کی پیچیدگی اور الجھاؤ نہ ہو ؎

دوستوں سے اس قدر صدمے اٹھائے جان پر ÷ دل سے دشمن کی عداوت کا گلہ جاتا رہا

(۳) بلندی :۔ خیال رکیک اور عامیانہ نہ ہو، شریفانہ ہو۔ حیوانیت نہ ہو، انسانیت ہو ؎

خوشی جہاں میں بہت ہے ہمارے گھر نہ سہی ÷ ملول کیوں رہیں دنیا کے انتظام سے ہم (اکبر)

(۴) باریکی :۔ خیال سطحی نہ ہو بلکہ انسانی فطرت کے گہرے مطالعے اور کائنات کے وسیع مشاہدے کا نتیجہ ہو ؎

بس ہجومِ نا امیدی خاک میں مل جائے گی ÷ یہ جو اِک لذّت ہماری سعیِ بے حاصل میں ہے (غالب)

(۵) تڑپ :۔ خیال کے ساتھ جذبات بھی شامل ہوں ؎

ہمارے آگے ترا جب کسی نے نام لیا ÷ دلِ ستم زدہ کو ہم نے تھام تھام لیا (میر)

یا ؎ گو ہاتھ کو جنبش نہیں آنکھوں میں تو دم ہے ÷ رہنے دو ابھی ساغر و مینا میرے آگے (غالب)

اس کے علاوہ شعروں میں لفظی خوبیاں یا صنائع بدائع بھی ضروری ہیں :۔

(ا) سہل ممتنع :۔ سُننے میں جتنا آسان ہوتا ہے کہنے میں اُتنا ہی مشکل ہوتا ہے ؎

اُلٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا ÷ دیکھا اس بیماریِ دل نے آخر کام تمام کیا (میر)

؎ آنسو تھے سو خشک ہوئے جی ہے کہ اُمڈا آتا ہے ÷ دل پہ گھٹا سی چھائی ہے کھُلتی ہے نہ برستی ہے (فانی)

(ب) لفظوں کی ترتیب قواعدِ زبان اور اصولِ بیان کے مطابق ہو۔ یعنی اس کی آسانی سے نثر ہو سکے ؎

بتکدے میں شور ہے اگر مسلماں ہو گیا ÷ بیوفاؤں سے کوئی کہدے کہ ہاں ہاں ہو گیا

(ج) مضمون کا کوئی ضروری جُزو چھوٹ نہ جائے۔ شعر میں ایسے لفظ موجود ہوں جو چھوٹے ہوئے جُزو تک ذہن کو پہنچا دیں ؎

گدا سمجھ کے وہ چُپ تھا۔ مری جو شامت آئے ÷ اُٹھا اور اُٹھ کے قدم میں نے پاسباں کے لئے

؎ مجھ تک کب اُن کی بزم میں آتا تھا دورِ جام ؛ ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو شراب میں

(د) **اختصار** :- کم از کم لفظوں میں مطلب ادا کیا جائے ؎

کل پاؤں ایک کاسۂ سر پر جو آ گیا ؛ یکسر وہ استخوان شکستوں سے چور تھا
کہنے لگا کہ دیکھ کے چل راہ بے خبر ؛ میں بھی کبھو کسو کا سرِ پُر غرور تھا

(س) **زور** :- یعنی مطلب اس طرح بیان کیا جائے کہ جو کیفیت شاعر دکھانا چاہتا ہے اس کا نقشہ پورے طور پر آنکھوں میں پھر جائے ؎

ہے خونِ جگر جوش میں دل کھول کے روتا ؛ ہوتے جو کئی دیدہ خونابہ فشاں اور! (غالب)

(ص) مناسبتِ الفاظ :- بعض لفظوں کی آواز نرم و نازک ہوتی ہے بعض کی سخت اور کرخت بعض کی شیریں و لطیف بعض کی بھیانک و مہیب ؎

جو تمہاری طرح تم سے کوئی جھوٹے وعدے کرتا ؛ تمہی منصفی سے کہہ دو تمہیں اعتبار ہوتا ؟ (داغ)

ذیل کے شعروں میں ایک ہی بات کہی گئی ہے لیکن اندازِ بیان مختلف ہے اس لئے اثر میں فرق پیدا ہو گیا ہے ؎

سمجھ رہی ہیں آنکھوں آنکھوں میں مگر سمجھتا ہے ؛ ہمارے منہ سے نہ کہلا کہ آرزو کیا ہے
؎ گراں گزر رہا تھا تو پھر آرزو اس طبعِ نازک پہ ؛ نگاہِ شوق اس مضمونِ رنگیں کو ادا کر دے (حسرت)
؎ ملا کے آنکھ سمجھ لو نہ مدعا پوچھو ؛ وہی ہے دل میں جو حسرت بھری نگاہ میں ہے (آرزو)
؎ فسانۂ جگر و قلبِ خونچکاں سن لو ؛ جو سن سکو تو ہماری بھی داستاں سن لو (صفی)
؎ سرگزشتِ بلاکشاں نہ سنو ؛ نہ سنو میری داستاں نہ سنو

مناسبتِ الفاظ سے مراد یہ ہے کہ ایسے الفاظ استعمال کئے جائیں جن کے ادا کرنے میں زبان رکتی نہ ہو اور کانوں کو ناگوار نہ ہو ؎

دل کی دھڑک سے زخمِ جگر کا دہن جو ٹانکا ٹوٹ گیا ؛ طائرِ جاں جو رشتہ بپا تھا مہلت پا کے چھوٹ گیا (میر)

(ض) **جدت** :- موجودہ مواد کو نئی صورت دینا یا اس سے نیا کام لینا ہر فن میں جدت کہلاتا ہے۔ منتشر خیالات کو کسی خاص ترتیب سے پیش کرے یا دھندلے اور مبہم خیال کو واضح اور روشن کرے اور فرسودہ خیالات کو تازگی کی کیفیت بخشے تو یہ جدت ہو گی۔ مثلاً کہنا یہ ہے کہ عشق کا ذمہ دار عاشق نہیں بلکہ معشوق کا حسن ہے ؎

دل تابعِ کشش تھا کشش تابعِ جمال ؛ ہاں ہاں محبت آپ سے کی اور ضرور کی (عزیز)

جدتِ ادا کی کئی مثالیں ہیں ؎

کیفیتِ چشم اس کی مجھے یاد ہے سودا ؛ ساغر کو مرے ہاتھ سے لینا کہ چلا میں

المختصر شعر کی سادہ سی تعریف یہ ہے کہ ایک شاعر زندگی اور کائنات سے خیال حاصل کرتا ہے۔ اس کے لئے مواد فراہم کرتا ہے اور پھر ایک خاص نقطۂ نگاہ سے موزوں الفاظ میں اس کا اظہار کرتا ہے ؛

حمامة البشریٰ
ایم۔اے (عربی)

اسلام اور تصوّف

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں ہر مسلمان اپنی زندگی قرآن پاک کی اِس آیت کے مطابق بسر کرتا تھا:۔

قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَ نُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔

اور بقول حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام:۔

اِنَّ الصَّحَابَۃَ کُلَّھُمْ کَذُکَاءِ ❊ کَانُوْا لِخَیْرِ الرُّسُلِ کَالْاَعْضَاءِ

یعنی صحابہ سب کے سب سورج کی مانند تھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بمنزلہ اعضاء کے تھے۔

پس تاریخ اسلام میں ابتداء سے ہی ایسے افراد کثرت سے موجود رہے ہیں جو صفاءِ باطن، عشقِ الٰہی، تقویٰ، خشوع وخضوع، توکل اور فقر میں بڑھے ہوئے تھے اور عبادتِ الٰہی کا خاص ذوق اپنے اندر رکھتے تھے۔ گویا وہ "فَاسْتَبِقُوا الْخَیْرَاتِ" کا بہترین نمونہ تھے لیکن یہ سب لوگ صوفی نہیں کہلائے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد جب آپؐ پر نازل ہونے والی وحی الٰہی کا سلسلہ منقطع ہوگیا نیز کچھ عرصہ بعد عجمیوں کے آنے کی وجہ سے مذہب میں لاتعداد بدعات پیدا ہونے لگیں تو تاریخ اسلامی میں ایسے لوگوں کا وجود اُبھرا جنہوں نے قرآن پاک کی آیت وَلْتَکُنْ مِّنْکُمْ اُمَّۃٌ یَّدْعُوْنَ اِلَی الْخَیْرِ کے مطابق عام لوگوں میں تقویٰ پیدا کرنے کا عزم صمیم کیا اور انہوں نے اِس مقصد کے لئے اپنی زندگیاں وقف کر دیں۔ ایسے لوگوں میں سے بعض نمایاں ہستیاں صوفیاء یا متصوفین کے ناموں سے موسوم ہونے لگیں۔ پس معلوم ہوا کہ تصوّف نہ تو کوئی نیا مذہب ہے نہ کسی مذہب کا فرقہ بلکہ یہ ایک تحریک ہے۔

تصوّف کی وجہ تسمیہ:۔

صُوفی کے اصل مأخذ کے متعلق حضرت شیخ علی بن عثمان ہجویری رحمۃ اللہ علیہ المعروف بہ "داتا گنج بخش" اپنی کتاب "کشف المحجوب" میں لکھتے ہیں:۔

"لفظ صُوفی کی تحقیق کے بارہ میں لوگوں نے بہت توجیہات کی ہیں۔ ایک گروہ نے کہا ہے کہ صُوفی کو صُوفی اِس لئے کہتے ہیں کہ وہ صُوف کا کُرتہ پہنتا ہے۔ ایک گروہ کا خیال ہے کہ صفِ اوّل کے ہونے کے باعث

اُسے صُوفی کہا جاتا ہے۔ ایک جماعت کی رائے ہے کہ اصحاب الصُّفّہ کی تقلید کے باعث صوفی کہلائے کچھ لوگوں نے صُوفی کا اشتقاق صفا سے قرار دیا ہے۔"

اِس کے علاوہ بعض لوگوں نے صوفی کو یونانی لفظ "Sophia" سے بھی مشتق قرار دیا ہے جس کے معنے Wisdom کے ہیں۔ تاہم قرینِ قیاس یہی ہے کہ صُوفی لفظ صُوف سے مأخذ ہے۔ کیونکہ اکثر عیسائی راہب صُوف کے لباس کو اظہارِ انکساری تصور کرتے تھے اور وہ اسے استعمال کرتے تھے اور شروع شروع میں صوفیاء بھی کمبل یا اُون کا لباس استعمال کرتے رہے ہیں۔ اِس کے ثبوت میں یہ واقعہ بیان کیا جاتا ہے کہ فرقد سنجی جو حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے مرید تھے ایک مرتبہ صوف کا لباس پہنے کھڑے تھے کہ سلمہ فقیہہ نے اُن کو طنزاً یہ کہا تھا کہ "اپنی نصرانیت ترک کر دو۔"

حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "عوارف المعارف" میں صوفی کی تعریف یوں کرتے ہیں :-

"صوفی عقل و دل سے سُنّتِ رسُولؐ کا دلدادہ ہوتا ہے۔"

ابتدائی صوفیاء کے سامنے سُنّتِ رسولؐ پر عمل اور حُبِّ الٰہی وغیرہ ہی ایسے مقاصد تھے جن کی وہ تبلیغ کیا کرتے تھے۔ اسوقت نہ انہوں نے خلوت نشینی کے لئے خانقاہیں تعمیر کی تھیں اور نہ ہی خرقہ پوشی کا وجود اُس وقت موجود تھا۔ مثالی صوفیاء میں حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت عثمانؓ، امام ابوحنیفہؒ اور امام مالکؒ وغیرہم بیسیوں ائمہ دین شامل تھے۔ اُس وقت اُن کے سامنے تصوّف کے صرف دو رُکن تھے۔ (۱) زُہد (۲) محبّتِ الٰہی

قرآنِ پاک میں زُہد کے بارے میں کثرت سے آیات آئی ہیں جو دنیا سے دُور رہنے اور اُس کی تحقیر پر دلالت کرتی ہیں مثلاً :-

"اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ۔"

یعنی جان لو کہ دنیا کی زندگی تو محض لہو و لعب ہے اور تمہارے درمیان باہمی زینت اور تفاخر اور مال و اولاد میں کثرت کے باہمی مقابلے کا نام ہے۔"

اور حدیث شریف میں بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے :-

"اَلدُّنْيَا سِجْنٌ لِلْمُؤْمِنِ وَجَنَّةٌ لِلْكَافِرِ۔"

یعنی دنیا مومن کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کے لئے جنّت ہے۔"

پھر دنیا سے بے رغبتی کی تلقین کرتے ہوئے فرماتے ہیں :-

"كُنْ فِي الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ۔"

یعنی تُو دنیا میں اِس طرح رہ گویا کہ تُو پردیسی یا راستہ گزرنے والا مسافر ہے۔"

حُبِّ الٰہی تصوّف کا رکنِ ثانی ہے۔ قرآن پاک میں آیا ہے :-

"وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ"

یعنی وہ لوگ جو ایمان لائے وہ اللہ تعالیٰ کی محبت میں سب سے بڑھ کر ہیں۔"

تصوّف کیا ہے؟ :-

علامہ ابنِ خلدون نے اِس کی سب سے عمدہ تعریف کی ہے۔ لکھتے ہیں :-

"اس کی اصل ہے عبادت میں انہماک، انقطاع الی اللہ، دنیا کی زینت سے گریز، لذّتِ مال و جاہ سے اجتناب اور خلق سے کٹ کر عبادت نشینی۔ اور یہ سب باتیں صحابہؓ اور سلف میں عام تھیں۔ پھر جب دوسری صدی میں اور اس کے بعد دنیا کی طرف رغبت عام ہوئی اور لوگ دنیا کی طرف زیادہ مائل ہوئے تو زیادہ عبادت کی طرف میلان رکھنے والے صُوفیاء کے نام سے موسوم ہوئے۔"

پھر وہ کہتے ہیں :-

"ان کے آداب و اصطلاحات کے خاص الفاظ ہیں جو اُن کے درمیان جاری ہیں۔ کیونکہ لُغت میں الفاظ اُنہی معانی کے لئے وضع ہوتے ہیں جو عام طور پہ سمجھے جاتے ہیں لیکن جب ایسے معانی سے سابقہ پڑتا ہے جو عام طور پر سمجھے نہیں جاتے تو ہم اُن کی تعبیر کسی ایسے لفظ سے کر لیتے ہیں جن کا سمجھنا آسان ہوتا ہے ـــــ علمِ شریعت کی دو قسمیں ہیں۔ ایک فقہاء اور اہلِ فتویٰ سے مخصوص ہوئی اور دوسری اُن لوگوں کی جو مجاہدہ اور محاسبۂ نفس نیز اس لذّت و راحت میں کلام کرتے ہیں جو اس راہ میں حاصل ہوتی ہے پھر اس کیفیت میں کلام کرتے ہیں جہاں ترقی کر کے ایک ذوق سے دوسرے ذوق کی طرف بڑھتے ہیں پھر اس مجاہدۂ خلوت اور ذکر سے جس کا حجاب اُٹھ جاتا ہے اور اللہ کے حکم سے تمام عوالم کی جنگ ہو جاتی ہے لیکن صاحبِ حس کو قطعاً ان عوالم کا علم نہیں ہوتا اور اس کشف کا سبب یہ ہے کہ جب رُوح حسِّ ظاہر سے لَوٹ کر حسِّ باطن کی طرف جاتی ہے تو حس کے احوال ضعیف ہو جاتے ہیں اور رُوح کے احوال قوی اور رُوح کا حکم غالب آجاتا ہے اور وہ برابر بڑھتی رہتی ہے حتّٰی کہ سراپا دید بن جاتی ہے اور ان چیزوں کا مشاہدہ کرتی ہے جن کا وہ پہلے صرف علم رکھتی تھی۔"

پھر علامہ ابن خلدون نے تصوّف کے چار عناصر بیان کئے ہیں :-

(۱) مجاہدات اور ان چیزوں پر کلام جو اعمالِ نفس کے محاسبہ سے حاصل ہوتی ہیں۔

(۲) کشف اور اس حقیقت پر کلام جو عالمِ غیب سے حاصل ہوتی ہے۔

(۳) عالَم اور اکوان میں تصرّفات اور انواعِ کرامات۔

(۴) وہ الفاظ جو بظاہر شک میں ڈالتے ہیں لیکن ائمہ صوفیاء کی زبان پر اکثر آتے ہیں اُن کو شطحات کہتے ہیں۔ ان کا ظاہر مشکل ہوتا ہے اس لئے بعض اُن کی تنکیر اور بعض تاویل کرتے ہیں۔

تصوّف کی اصل:۔

اکثر مستشرقین کا خیال ہے کہ تصوّف ایک خارجی عنصر ہے جو اسلام کے بطن میں داخل ہوگیا اور اُس نے اسلام کی اصل صورت بگاڑ دی ہے اور اس سے کچھ فائدہ حاصل نہیں ہوا۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ ابتداء میں تو صرف قرآن پاک اور سُنّتِ نبویؐ کے مطابق اپنے تزکیۂ نفس میں مشغول ہونے والے اور راہِ سلوک کی منازل طے کرنے والے اور لوگوں کو اِس راہ کی طرف دعوت دینے والے صوفیاء کہلائے ـــــ پس حقیقی تصوّف خالص اور خالص اسلام ہے اور اِس کے سوا کچھ نہیں لیکن بعد میں اِن صوفیاء کے بعض جانشین جادۂ مستقیمِ نبوی سے ہٹ جاتے رہے اور بعض خارجی عناصر کے اثرات کے تحت اپنے طریقوں میں بعض نئے امور داخل کرتے رہے۔ یہی لوگ ہیں جنہوں نے تصوّف کو بدنام کیا ورنہ تصوّف دراصل قرآن حکیم کے احکام کے ماتحت اپنی رُوح کو صیقل کرنے اور باطنی کمالات کے حصول اور فنا فی اللہ ہونے کا نام تھا۔ قرآن کریم میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے:۔

"وَيَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الرُّوحِ ۖ قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي وَمَا أُوتِيتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيلًا"

یعنی لوگ تجھ سے رُوح (اور اُس کے کمالات) کے متعلق سوال کرتے ہیں۔ تو اُنہیں کہدے کہ رُوحِ کامل (جو اللہ تعالیٰ سے اتّصالِ تام کر لیتی ہے) وہ میرے رب کے خاص حکم اور اذن سے ہی تیار ہوتی ہے اور اِس سلوک کی راہوں کو میرا رب ہی متعیّن کر سکتا ہے تمہیں اِس بارہ میں کوئی علم نہیں دیا گیا۔"

اکابر صوفیاء نے قرآن کریم، احادیثِ نبویؐ اور صحابہؓ و تابعین سے کثرت سے عبارات اور اقوال نقل کئے ہیں جن سے وہ اپنے مسلک کی تلاش کرتے ہوئے بہت دُور نکل گئے ہیں۔

تصوّف پر خارجی عناصر کا اثر:۔

تصوّف کے ابتدائی دَور یعنی پہلی دو صدیوں میں خارجی اثرات کا کوئی اثر معلوم نہیں ہوتا بلکہ تصوّف خالص اسلام کی پیداوار معلوم ہوتا ہے۔ پھر کچھ عرصہ کے بعد اصحابِ صُفّہ کی سادگی حسن بصریؒ کا زُہد بن جاتی ہے اور بلال و صُہیب کا عشق رابعہ بصری کی محبّتِ الٰہی بن جاتی ہے۔

اسی طرح ابراہیم بن ادھمؒ، داؤد طائیؒ، فضیلؒ بن عیاض اور شقیق بلخیؒ سب کے سب دوسری صدی ہجری میں گزرے ہیں۔ یہ سب مشہور اسلامی صوفیاء تھے ـــــ خلاصۂ کلام یہ ہے کہ صحابہؓ کے زمانہ میں قریباً سب لوگ ایک ہی رنگ (صبغۃ اللہ)

میں رنگین نظر آتے ہیں۔ اِسی لئے انہوں نے کوئی خاص اصطلاحی نام (سوائے صحبتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے) اختیار نہیں کیا۔ بعد میں جب مادیت نے معاشرۂ اسلامی میں دراخل کیا تو وہ لوگ جو مغزِ اسلام کو چمٹے رہے اور اِس دائرے میں نمایاں نظر آئے وہ متصوّفین اولیاء اللہ، اقطاب و ابدال کے القاب سے ملقّب ہوئے۔

کہا جاتا ہے کہ تصوّف پر مختلف خارجی عناصر کا اثر بھی پڑا ہے خصوصاً نصرانیت، بدھ مت اور افلاطونیتِ جدیدہ (Neo - Platonism) لیکن حقیقت یہی ہے کہ خارجی اثرات نے صوفیاء کی اصطلاحات پر شاید کوئی اثر ڈالا ہو ورنہ حقیقت کے اعتبار سے صوفیاء اور اولیاء نے سب کچھ قرآن کریم سے ہی لیا۔ خود قرآن کریم کا دعویٰ ہے کہ "فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ" کہ پہلے مذاہب کی تمام اعلیٰ اور قائم رہنے والی تعالیم اِس میں موجود ہیں۔ پس اگر تصوّف میں ہمیں دوسرے مذاہب سے ملتی جلتی بعض چیزیں ملتی ہیں اور ان کا استدلال قرآن کریم کے الفاظ سے بھی ہوتا ہے تو یہ کیوں کہا جائے کہ وہ خارجی اثرات کی وجہ سے ہیں، یہ کیوں نہ کہا جائے کہ وہ قرآن کریم سے ہی اخذ کی گئی ہیں۔

بہرحال بعض لوگوں کا خیال ہے کہ خارجی اثرات کا تصوّف اور صوفیاء پر اثر پڑا ہے۔ مثلاً دوسری صدی ہجری میں بایزید بسطامیؒ بدھ مت سے متاثر نظر آتے ہیں۔ یہ فارسی نژاد تھے، انہوں نے اسلامی تصوّف میں فنا کے نظریے کو عام کیا۔ صوفیاء کے نزدیک یہ نظریہ خاص اہمیت رکھتا ہے مظہرِ اوّل رُوح کا اخلاقی تغیّر ہے جس سے شہوات ختم ہو جاتی ہیں ثانی یہ کہ ذہن فکرِ الٰہی میں لگ جائے اور ثالث یہ کہ بغیر ارادے کے اللہ کی یاد میں مشغول رہے اور رابع یہ کہ خدا تعالیٰ کی حمد میں نفس کو اتنا مدغم کرے کہ بقائے دوام حاصل ہو جائے تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ بدھ مت میں بھی یہی درجات تھے اور صوفیاء کے رُوحانی ارتقاء پر اس کا اثر پڑا۔

نصرانیت نے بھی تصوّف پر گہرا اثر ڈالا۔ شام اور عراق میں نصرانی خانقاہیں کثرت سے موجود تھیں مسلمان اُن راہبوں سے ملتے جلتے رہتے تھے اور انجیل کی حکایات نقل کرتے تھے۔ اور یہ نصرانی صوف کا لباس پہنتے اور سخت قسم کی ریاضات میں مشغول رہتے۔ چنانچہ صوف کا لباس بھی انہی راہبوں سے صوفیاء نے نقل کیا۔

اِن دونوں سے بڑھ کر اسلامی تصوّف پر افلاطونیتِ جدیدہ کا اثر پڑا۔ اس کی بہت سی کتب سُریانی میں تھیں جو بعد ازاں عربی میں ترجمہ کی گئیں "افلاطونیتِ جدیدہ" افلوطین مصری کی طرف منسوب ہیں۔ یہ تیسری صدی عیسوی میں مصر میں پیدا ہوا یہاں کے علوم سے فارغ ہو کر روما گیا اور پھر یونانی فلسفہ کی تکمیل کر کے آیا اور الٰہیات پر ایک جامع کتاب لکھی جو بعد میں عربی میں ترجمہ ہوئی۔ کندی نے اس کی اصلاح کی، ابن سینا نے بھی اس سے فائدہ اٹھایا اور اس کی شرح لکھی۔ اِس کتاب میں افلوطین لکھتا ہے کہ:۔

"اکثر میری رُوح تخلیے میں ہو جاتی ہے۔ میں اپنے جسم کو ایک طرف چھوڑ دیتا ہوں۔ پھر تمام اشیاء سے الگ ہو کر اس میں لوٹتا ہوں اور خود ہی عالم، معلوم اور علم ہو جاتا ہوں۔ پھر میں اپنی ذات میں عجیب حُسن

اور نُور دیکھتا ہوں جب تک یوں محوِ تماشا ہوتا ہوں۔"

یہی وہ فلسفہ تھا جسے تیسری صدی ہجری میں ذوالنون مصریؒ نے سیکھا تھا اور تجلّی وغیرہ کے تصوّرات اسی راہ سے تصوّف میں داخل ہوئے تھے۔ اور اس صدی کے مشہور صُوفیاء ذوالنون مصریؒ، ابن سلیمان دارانیؒ اور کرخی تھے اور ان سب پر فلسفے کا رنگ بہت غالب تھا۔

کہتے ہیں کہ صوفیا کے احوال کے موجد ذوالنونؒ تھے۔ صوفیا کہتے ہیں کہ اللہ سے وصال کا راستہ مشکل ہے اس لئے انسان کو چاہیئے کہ بتدریج قدم بڑھائے اور ہر مرحلے پر خاص اہتمام کرے ان مراحل کو وہ مقامات کہتے ہیں۔ طوسی نے کتاب اللّمع میں ان کی تعداد سات بتائی ہے۔ (۱) مقامِ توبہ (۲) ورع (۳) زہد (۴) فقر (۵) صبر (۶) توکّل (۷) رضا

ان کے علاوہ صوفیاء کے احوال یہ ہیں :-

(۱) تامّل (۲) قرب (۳) محبّت (۴) خوف (۵) رجاء (۶) شوق (۷) انس (۸) اطمینان۔

(۹) مشاہدہ (۱۰) یقین۔

تصوّف کا سب سے مشہور عقیدہ وحدت الوجود ہے۔ یعنی محبّ کا محبوب میں فنا ہوجانا یا دوسرے الفاظ میں

مَن تو شدم تو من شدم ؛ مَن تن شدم تو جاں شدی
تا کس نہ گوید بعد ازیں ؛ مَن دیگرم تو دیگری

سِلسلۂ صُوفیاء :-

اسلام میں تصوّف کی رسمی تحریک زہد سے شروع ہوئی ابتداء میں صرف چند افراد تک محدود تھی لیکن دوسری صدی ہجری کے وسط میں تصوّف کے نظریے اور اس کے اعمال دونوں میں خاص ترقی ہوئی۔ بڑے بڑے مشائخ نے اپنے گرد درس کے حلقے قائم کئے۔ پانچویں صدی ہجری میں حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ اس وقت تصوّف کے متعدد مذاہب موجود تھے اور شیخ و مرید کے ادارے قائم ہو چکے تھے اور رباط اور خانقاہوں کی بنیاد پڑ چکی تھی جہاں شیخ اور شاگرد باہم مجاہدے کرتے جب کوئی حلقہ صوفیاء میں داخل ہوتا تو اُسے ایک خرقہ عطا کیا جاتا جو خدمتِ الٰہی کا نشان ہوتا۔

صوفیا کہتے ہیں کہ پہلا خرقہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کو عطا کیا تھا وہ تو اب موجود نہیں لیکن ہم ان کی نقل کرتے ہیں لیکن خانقاہی زندگی کے ساتھ تجرّد کا ہونا ضروری نہ تھا کیونکہ نبی اکرمؐ نے فرمایا ہے :-

لَا رَهْبَانِيَّةَ فِي الْاِسْلَامِ

لیکن صوفیا کے حلقوں کی باقاعدہ تنظیم چھٹی صدی ہجری سے شروع ہوئی اور اس تنظیم کو طریقت کہتے ہیں۔ خانقاہوں میں ایک شیخ ہوتا اور باقی اس کے مرید تمام اطراف میں پھیلے ہوتے۔ اِس سلسلہ کی خانقاہیں ہر جگہ ہوتیں جہاں ایک ہی طرح کے

آداب و اعمال برتے جاتے۔

سب سے پہلا سلسلہ حضرت محی الدین عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے قائم کیا۔ جب یہ فوت ہو گئے تو اُن کے مرید اپنے آپ کو قادری کہلانے لگے۔ دوسرا مشہور حلقہ سُہروردیہ کہلاتا ہے۔ اس کے بانی حضرت شہاب عمر بن عبداللہ السہروردیؒ ہیں۔ ان کے مریدوں میں فارسی کے مشہور شاعر 'سعدی' بھی گزرے ہیں۔ تیسرا سلسلہ مغرب میں نورالدین احمد بن عبداللہ الشاذلیؒ المتوفی ۶۳۶ھ نے قائم کیا۔ ان کا وطن تیونس تھا۔ ان کا سلسلہ شاذلیہ کہلاتا ہے۔ چوتھا حلقہ مولانا جلال الدین رومیؒ المتوفی ۶۷۲ھ نے قائم کیا، اس کو مولویہ کہتے ہیں۔ دولتِ عثمانیہ میں اسے بہت رسوخ حاصل ہوا۔ ان کے علاوہ نقشبندیہ، چشتیہ وغیرہ سلسلے قائم ہوئے، ان میں سے اکثر موجود ہیں اور باقی تقریباً سب کا نظام ایک جیسا ہوتا ہے۔ ہر دور میں ہر سلسلے کا ایک شیخ اعظم ہوتا ہے جسے خلیفہ کہتے ہیں۔ دوسرے تمام افراد اس کے تابع ہوتے ہیں۔ جگہ جگہ ان کی خانقاہیں ہوتی ہیں۔ جہاں مستقل طور پر صوفیاء عبادت کرتے ہیں اور ہر حلقے میں مرید ہوتے ہیں جو اُن کی مجالس میں شریک ہو کر تزکیۂ نفوس کرتے ہیں۔ اِن سلسلوں کے لوگ آج بھی دنیا میں کثرت سے پائے جاتے ہیں۔

جس طرح ادیانِ حقہ سب کے سب انبیاء کرام سے شروع ہوئے ہیں لیکن بعد میں لوگوں نے اپنے ہاتھوں سے ان کی شکلیں بگاڑ دیں۔ اِسی طرح صوفیاء و اولیاء کے طریقے بھی اُن کے بعد انسانی ہاتھوں میں بدلتے چلے گئے اور اُنہیں بگاڑ دیا گیا حتّٰی کہ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ کا سماں نظر آنے لگا۔

اب پھر وہ زمانہ ہے جبکہ اللہ تعالےٰ نے صُوفیاء و اولیاء کے تمام طریقے ختم کر کے خلافت علیٰ منہاجِ نبوت کو از سرِ نو قائم فرمایا ہے۔ یہ زمانہ آنحضرتؐ کی بعثتِ ثانیہ کا زمانہ ہے جیسا کہ قرآن پاک کی آیت کریمہ "وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ" سے ظاہر ہے۔ صوفیاء کاملین و اولیاء عظام کے تمام طریقے جو اپنے اندر قرآن کریم کی سند و تائید رکھتے ہیں اب اِس خلافت علیٰ منہاجِ نبوت میں مدغم ہو چکے ہیں۔ جو طریقہ بھی اِس سے باہر ہے وہ اب صراطِ مستقیم نہیں کہلا سکتا کیونکہ اب اللہ تعالیٰ نے صوفیاء و ائمہ روحانی کے الگ الگ چھوٹے چھوٹے محدود الزمان اور مختص المکان حلقوں کو ختم کر کے عالمگیر خلافت علیٰ منہاجِ نبوت کو قائم فرمایا ہے اور عالمگیر خلافت راشدہ حقہ کے قیام کے بعد تمام فرشتہ سیرت انسانوں کا فرض ہو جاتا ہے کہ وہ اس کی اطاعت کریں اور "فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ" کا نمونہ دکھائیں اور امامِ وقت کے ساتھ مل کر اسلام کی روحانی جنگ لڑیں تا جلد وہ دن آئے کہ ہم "لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ" کا نظارہ رُوئے زمین کے چپے چپے پر مشاہدہ کر لیں اور دنیا میں پھر ایک ہی دین ہو اور ایک ہی پیشوا۔ ایک روحانی نظامِ نو کی تعمیر ہو، بالکل ایسی جیسے آج سے تیرہ سَو سال پہلے ہوئی تھی۔

وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ وقد اوحى الله الى المسيح الموعود عليه السلام اَرَدْتُ اَنْ اَسْتَخْلِفَ فَخَلَقْتُ اٰدَمَ فَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ؕ

محمد ارشد (ایم۔ایس۔سی)
(اولڈ بوائے)

سورج سے بجلی

انسان کے اکثر کام سورج ہی کے ذریعہ انجام پذیر ہوتے ہیں۔ مثلاً سورج کی گرمی دریاؤں، جھیلوں اور سمندروں کے پانی کو بخارات میں تبدیل کرتی ہے۔ یہ بخارات بارش کی شکل میں پہاڑوں اور میدانوں پر نمودار ہوتے ہیں۔ جس کے نتیجہ میں دریا، ندی نالے اور جھیلیں پیدا ہوتی ہیں جن پر انسانی، حیوانی اور نباتاتی زندگی کا مدار ہے۔ پھر دریاؤں پر بند باندھ کر بجلی پیدا کی جاتی اور خشک زمینوں کو سیراب کیا جاتا ہے۔

سورج کی گرمی ہی ہوا کو گرم کر کے اسے چلاتی اور چلائے رکھتی ہے۔ اسی طرح سمندر کی لہریں پیدا ہوتی ہیں اور یہی گرمی اور روشنی پودوں کی خوراک ہے جس سے وہ نشو و نما پاتے ہیں حتیٰ کہ زمین سے نکلنے والی معدنیات از قسم پٹرول، کوئلہ وغیرہ بھی شمسی توانائی کی ہی بدولت معرضِ وجود میں آتی ہیں ..... اور ان سب سے بڑھ کر انسانی زندگی براہِ راست بھی سورج کی غیر موجودگی میں شدید سردی کی وجہ سے ایک لمحہ بھی قائم نہیں رہ سکتی۔ وعلیٰ ھٰذا القیاس۔

چنانچہ انسان ایک عرصہ سے اس کوشش میں سرگرداں ہے کہ وہ دنیا کے جملہ کام سورج کی گرمی اور روشنی سے براہِ راست سرانجام دے۔ لیکن اس سلسلہ میں کسی مربوط سائنسی تحقیقاتی پروگرام کی غیر موجودگی کی وجہ سے اُس کا قدم تجرباتی حدود سے آگے نہ نکل سکا۔ حال ہی میں اسے باقاعدہ سائنس کا درجہ دیا گیا اور "شمسی توانائی" ایک اہم ضرورتِ انسانی کی شکل میں نظر آنے لگی۔

"شمسی توانائی" زیادہ تر "گرمی" اور "روشنی" سے ترکیب پاتی ہے اور اسے "بلا واسطہ" اور "بالواسطہ" دونوں طریق سے استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ 'بلا واسطہ' اسے گرمی کی شکل میں جمع کر کے اس سے کھانا پکانا، گھروں کو سردیوں اور گرمیوں میں علی الترتیب "گرم" اور "سرد" رکھنا، ایئر کنڈیشنگ اور ریفریجریشن کرنا وغیرہ جیسے کاموں میں بسہولت استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح بالواسطہ طور پر دھوپ کو بجلی میں تبدیل کر کے اس سے ہر وہ کام لیا جا سکتا ہے جو اس زمانہ میں بجلی کی بدولت انجام پا رہا ہے۔

جہاں تک دھوپ کو "حرارت" کی شکل میں جمع کرنے کا تعلق ہے یہ طریق بے حد آسان، کم خرچ اور مفید ہے اور اس سے

ایندھن کے تمام مسائل گھریلو اور ملکی سطح پر حل کئے جا سکتے ہیں لیکن یہ طریق اپنی افادیت کے لحاظ سے محدود وسائل ہوا ہے۔ جس کی تفصیل کسی آئندہ اشاعت میں ہی پیش کی جا سکے گی۔

تاہم دھوپ کو بجلی میں تبدیل کر کے استعمال کرنے کا طریق گو مقابلتاً مشکل اور مہنگا ہے۔ لیکن اس کی افادیت ہر طور مسلّم ہے۔ چنانچہ اِس وقت مَیں اِسی طریق استعمال "شمسی توانائی" پر قدرے تفصیل سے بحث کروں گا۔

دھوپ کو بجلی میں تبدیل کرنے کے لئے بالعموم تین طریقے مستعمل ہیں:۔

پہلا طریقہ ۔ دو مختلف دھاتوں کو اگر اِس طرح جوڑ دیا جائے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔



اور ان کے مشترک سروں کو مختلف درجہ حرارت پر رکھا جائے تو ان میں بجلی پیدا ہو جاتی ہے۔ ایک سرے کو گرم کرنے کیلئے محدب عدسہ، شمسی عکاس وغیرہ سے کام لیا جا سکتا ہے۔ نیز زیادہ مقدار میں بجلی حاصل کرنے کے لئے بہت سے تار اسی ترتیب سے اکٹھے کر کے اور ان کے مشترک سروں کو مختلف درجہ حرارت پر رکھ کر گھر کے کاموں کے لئے بجلی پیدا کی جا سکتی ہے۔ پھر اس بجلی کو جمع بھی کیا جا سکتا ہے۔

دوسرا طریقہ ۔ شمسی توانائی کو بجلی میں تبدیل کرنے کا دوسرا طریقہ کیمیائی طریق کہلاتا ہے۔ دو مختلف دھاتوں کی سلاخوں کو ایک خاص کیمیائی محلول میں رکھ دیا جاتا ہے اور ان میں سے ایک سلاخ پر سورج کی روشنی ڈالی جاتی ہے جس سے بجلی کی رَو پیدا ہو جاتی ہے۔ ایک سلاخ 'مثبت' اور دوسری 'منفی' بن جاتی ہے ۔ ۔ ۔ ۔ اِس طریق سے حاصل شدہ بجلی مقدار میں بہت کم ہوتی ہے۔ اس لئے اسے بعض سائنسی تجربات کے علاوہ باقی کاموں میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

تیسرا طریقہ ۔ دھوپ اور روشنی کو بجلی میں تبدیل کرنے کا نسبتاً مشکل اور مہنگا ہے لیکن افادیت کے لحاظ سے مندرجہ بالا طریقوں سے بدرجہا بہتر ہے۔ اسی لئے بڑی سرعت سے مقبول ہو رہا ہے۔ اِس طریق میں SILICON دھات کو خالص حالت میں حاصل کر کے اس میں ARSENIC یا GERMINIUM کی نہایت ہی قلیل مقدار شامل کر دی جاتی ہے جس سے اس میں یہ خوبی پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ شمسی توانائی کو براہِ راست بجلی میں تبدیل کر سکتی ہے۔ چنانچہ ایسے بہت سے CELL بنا کر انہیں ایک دوسرے کے ساتھ جوڑ دیا جاتا ہے۔ اسے شمسی بیٹری کہا جاتا ہے۔

اندازہ کیا گیا ہے کہ ایک مربع گز جگہ پر پڑنے والی شمسی توانائی اوسطاً ایک ہزار واٹ ہوتی ہے اور ایسی سائز کی شمسی بیٹری ۱۰۰ واٹ طاقت کی بجلی مہیا کر سکتی ہے۔ ایسی بیٹری کی فیصد افادیت گیارہ ہے جو بظاہر بہت زیادہ معلوم نہیں ہوتی لیکن مقابلتاً سب سے زیادہ ہے۔ گیارہ فیصد افادیت کا مطلب یہ ہے کہ بیٹری کی سطح پر پڑنے والی شمسی توانائی کا گیارہ فیصد حصہ

بجلی میں تبدیل ہوجاتا ہے باقی ۸۹ فیصد ضائع ہوجاتا ہے۔ میرا اندازہ ہے کہ افادیت ۲۰٪ تک بڑی آسانی سے بڑھائی جاسکتی ہے۔

شمسی بیٹری کو استعمال کرنے کے کئی طریقے ہیں لیکن غالباً بہترین طریقہ عام سٹوریج بیٹری کو چارج کرنا ہے سٹوریج بیٹری کو ایک دفعہ چارج کرکے اسے متواتر کئی ماہ تک استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔ بالعموم ۲۲ وولٹ نکل کیڈمیم (22-VOLT NICKLE - CADMIUM) بیٹری کو چارج کرنا زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے اور مواصلات کی ضروریات کو پورا کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً ٹیلیفون، تار، ریڈیو وغیرہ۔

پاکستان جیسے ملک میں جہاں روایتی ایندھن از قسم لکڑی، کوئلہ، پٹرول، ڈیزل اور مٹی کا تیل وغیرہ بہت مہنگا ہے اور ملک میں اس کی قلت بھی شدت سے محسوس کی جارہی ہے شمسی توانائی نعمتِ غیر مترقبہ ثابت ہوسکتی ہے۔ کروڑوں روپے جو ایندھن درآمد کرنے پر ہر سال خرچ کئے جاتے ہیں بچائے جاسکتے ہیں۔ اسی طرح اندرونِ ملک ایندھن کی کھپت کو اگر ختم نہیں تو بے حد کم ضرور کیا جاسکتا ہے۔

ہمارا ملک شمسی توانائی (دھوپ اور روشنی) کے لحاظ سے امیر ترین ملکوں میں سے ہے۔ گھروں اور فیکٹریوں میں شمسی توانائی کے استعمال سے ملک کا معیارِ زندگی بہت جلد بڑھایا جاسکتا ہے۔ پاکستان میں ایک سال میں ۳۰۰ سے زیادہ دن خوب دھوپ پڑتی ہے جس سے اگر کما حقہٗ فائدہ اٹھایا جائے تو پاکستان کے سبھی مسائل چند سالوں میں حل کئے جاسکتے ہیں۔

اس جگہ میں یہ عرض کردینا مناسب سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں ایٹمی توانائی پر جو خطیر رقم خرچ کی جارہی ہے اگر اس کا سوواں حصہ بھی شمسی توانائی پر خرچ کیا جائے تو کم از کم بیس گنا زیادہ فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے لیکن افسوس ہے کہ ہمارے ذہنوں میں غلامی کچھ اس طریق سے رچ گئی ہے کہ یورپ اور امریکہ سے آئی ہوئی ہر چیز متبرک سمجھی جاتی ہے خواہ وہ کتنی ہی نقصان دہ کیوں نہ ہو۔ دوسری طرف ملکی دماغ اور وسائل کو ہمیشہ کمتر خیال کیا جاتا ہے ورنہ یہ مسائل جو پاکستان کو درپیش ہیں دراصل مسائل کہلانے کے بھی مستحق نہیں +

مظہر حسین
ایف ایس سی (سال اوّل)

راکٹ اور خلائی سفر

ابتدائے آفرینش سے انسان کی یہ آرزو رہی ہے کہ وہ زمین کی قیود سے آزاد ہو کر دوسرے سیاروں میں بھی پہنچے اور اُن کی سیر کرے یا کم از کم وہ اسے اچنبھا سا خیال کر کے معلوم کرنا چاہتا تھا کہ یہ ہیں کیا؟ چنانچہ انسان کی یہی خواہش دُوربین جیسی ایجاد کا موجب بنی۔ جب دُوربین ایجاد ہوئی تو انسان نے سیاروں اور چاند وغیرہ کا مشاہدہ کیا مگر یہ سب کچھ اُس کی پیاسی آنکھیں خود وہاں پہنچ کر دیکھنا چاہتی تھیں۔ چنانچہ اِسی خواہش کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے ڈاکٹر گاڈرڈ نے اپنی ساری زندگی اِسی کام میں صرف کی اور دنیا کی معلومات میں یہ کہتے ہوئے اضافہ کیا کہ وہ دن دُور نہیں جب انسان چاند پر سروے کرتا نظر آئے گا۔ اُس نے چاند تک پہنچنے کے لئے ایک آزمائشی راکٹ بنایا جو تقریباً ۵ افٹ تک گیا۔ اب تک تمام راکٹ ٹھوس ایندھن (Solid fuel) سے اُڑائے جاتے تھے مگر اِس میں نقص یہ تھا کہ آدمی زیادہ سے زیادہ اپنا راکٹ ہزار فٹ تک پھینک سکتا تھا۔ یہاں پر پھر خدا تعالیٰ کا دیا ہوا تحفہ عقل کام آیا اور روس کے ایک استاد نے جو راکٹ چلانے اور بنانے کا شوقین تھا یہ خیال ظاہر کیا کہ سیال ایندھن (liquid fuel) سے راکٹ کافی بلندی پر جا سکتے ہیں۔ چنانچہ تجربات کا سلسلہ پر شروع ہوا مگر اِسی اثناء میں جنگِ عظیم چھڑ گئی اور راکٹ بجائے چاند پر پہنچنے کے تخریبی مقاصد کے لئے بننے شروع ہو گئے۔ مثلاً جرمن نے بیشتر راکٹ لندن کو تباہ کرنے کے لئے چلائے۔ اگر لندن کے پاس رے ڈار جیسا آلہ نہ ہوتا تو شاید لندن کا نام ہی نہ باقی رہتا۔

آخر خدا خدا کر کے یہ جنگیں ختم ہوئیں اور دنیا کے اخبارات میں کچھ عرصہ بعد یہ خبر شائع ہوئی کہ روس نے فضا میں ایک سیارہ چھوڑا ہے جس نے فضا میں گھومنا شروع کر دیا ہے۔ اِس سے جذبۂ تحقیق اوجِ ثریا پر پہنچا اور امریکہ نے بھی تجربات کی رفتار بڑھا دی۔ کچھ عرصہ بعد ایک کُتیا خلاء میں پہنچ گئی اور اب انسان نے یہ کسر بھی پوری کر دی۔ کئی جانباز آدمیوں نے خلاء کی سیر کی یہ سب کچھ راکٹ کی بدولت ہوا اِس لئے اس کا مطالعہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

راکٹ کی شہرت آجکل بہت زیادہ ہے مگر یہ زمانۂ جدید کی ایجاد نہیں بلکہ چینی لوگ آج سے ہزاروں سال پہلے اِس کا استعمال جانتے تھے۔ اِس بات کا مکمل تاریخی ثبوت موجود ہے کہ چین میں تیرھویں صدی عیسوی میں راکٹ بطور جنگی ہتھیار

استعمال کیا گیا اور برطانیہ نے اُنیسویں صدی کے اوائل میں کوپن ہیگن پر جو کہ ڈنمارک کا دارالخلافہ ہے راکٹوں کے ذریعہ حملے کئے مگر سب سے زیادہ تباہی جنگِ عظیم دوم میں جرمن کے ایجاد کردہ راکٹ وی ٹو نے مچائی جو دشمن کو تقریباً دو سو میل کے فاصلے پر تباہ کر دیتا تھا مگر جرمنی کی شکست پر تمام سائنس دان جو ان راکٹوں کے محرک تھے بٹ گئے اور اکثر روس چلے گئے جن سے روسی سائنسدانوں کو اپنی تحقیقات میں بڑی مدد ملی۔

راکٹ کی ساخت نیوٹن کے تیسرے قانونِ حرکت پر مبنی ہے یعنی اگر ایک سمت میں قوت کا اطلاق کیا جائے تو مخالف سمت میں بھی ضرور جھٹکا لگے گا۔ راکٹ کے عقبی حصے سے جتنے زور سے ہوا یا گیس خارج ہوگی وہ اتنی ہی قوت سے آگے چلے گا بشرطیکہ یہ قوت ہوا کی مزاحمت سے کم نہ ہو۔ خلا میں ہوا کی عدم موجودگی اور کششِ ثقل کی کمی کی وجہ سے راکٹ کی رفتار تیز ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خلائی سفر راکٹ پر منحصر ہے۔ سائنس دانوں نے بالائی فضا کا جائزہ لینے کے لئے یہ ترکیب نکالی کہ راکٹ کے اندر بندر، چوہے، حساس آلات اور ٹرانسمیٹر وغیرہ بند کر کے اُوپر بھیجے تا اُن کی واپسی پہ بالائی فضا کے حالات معلوم ہو سکیں۔ خودکار ٹرانسمیٹر راستے کے حالات نشر کرتے رہتے ہیں۔ جرمن وی ٹو اور امریکی ڈبلیو اے سی کارپورل راکٹوں کا ایک مجموعہ تقریباً ڈھائی سو میل کی بلندی پر پہنچا ہے۔ بندر اور چوہے زمین سے اسّی میل کی بلندی تک راکٹ کے ذریعے گئے ہیں۔ تقریباً اتنی بلندی پر خودکار کیمروں نے زمین کی جو فوٹو اُتاری ہیں اُن سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ زمین گول ہے۔

نظامِ شمسی کا بھی زمین سے نزدیک ترین ستارہ چاند ہے۔ حساب دانوں کے اندازہ کے مطابق یہ فاصلہ بھی کم از کم ڈھائی لاکھ میل ہے۔ وہاں تک پہنچنے اور اُترنے کے لئے قوت اور ایندھن کی ایک بڑی مقدار ضروری ہے مگر روس نے اتنے سارے آدمیوں کو جو خلا میں پہنچایا اور واپس لایا ہے نہایت وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ آئندہ دس سالوں میں ہم چاند پر پہنچ جائیں گے۔ راکٹ کی پرواز میں زمین کی کشش کو بڑا دخل ہے۔ جوں جوں ہم اُوپر جائیں یہ قوت کم ہوتی جاتی ہے اور تقریباً ۲۲۵۰ میل کی بلندی پر یہ قوت نصف رہ جاتی ہے۔ ۳۹۶۰ میل پر ایک چوتھائی اور اس سے دگنے فاصلے پر $\frac{1}{9}$ رہ جاتی ہے۔ یعنی زمین پر اگر کسی چیز کا وزن ۹ پونڈ ہو تو ۷۹۲۰ میل کی بلندی پر صرف ایک پونڈ رہ جائے گا۔ کشش کا یہ نظام صرف زمین پر ہی رائج نہیں بلکہ تمام کائنات میں جاری ہے۔ زمین کے علاوہ مزید آٹھ ستارے اسی کشش کے زیرِ اثر سورج کے گرد چکر لگا رہے ہیں۔ کوئی اپنی جگہ سے ہٹنے نہیں پاتا جیسا کہ روسی تجربات نے ثابت کر دکھایا ہے کہ اگر ہم اپنا راکٹ پانچ میل فی سیکنڈ کی رفتار سے چھوڑیں تو وہ زمین کی کشش سے آزاد ہو کر زمین کے گرد چکر لگانے شروع کر دے گا۔

اس کام کے لئے صرف ایک راکٹ ہی کافی نہیں سمجھا گیا کیونکہ زیادہ بلندی پر جانے کے لئے زیادہ ایندھن کی ضرورت پڑتی ہے اس لئے اس مشکل کو راکٹ کی کئی منزلوں سے دُور کیا گیا ہے۔ مثلاً ایک لمبے چوڑے خول میں تین راکٹ محفوظ کر لئے گئے۔ پہلا راکٹ مشتعل کیا گیا اور وہ راکٹ کو کچھ بلندی پر لے گیا۔ جب اُس کا ایندھن ختم ہوا تو دوسرے نے اسی طرح کیا۔

اسی طرح باری باری تمام راکٹوں نے یہ عمل دہرایا اور راکٹ زمین کی کشش سے آزاد ہو گیا حتیٰ کہ اُس نے زمین کے گرد چکر لگانے شروع کر دیئے۔

۱۹۵۷ء میں انٹرنیشنل فزیکل ایئر کے سلسلے میں روس نے دو مصنوعی سیارے چھوڑے جن کو روسی زبان میں سپوتنک کہتے ہیں۔ پہلا سیارہ زمین سے ۵۶۰ میل کی بلندی پر چھوڑا گیا اُس کی رفتار ۵ میل فی سیکنڈ یعنی ۱۸۰۰۰ میل فی گھنٹہ تھی۔ دوسرا راکٹ ۹۳۰ میل کی بلندی پر اسی رفتار سے چھوڑا گیا۔ دوسرا سیارہ چھوڑنے کے کئی دن بعد تک اس کے سگنل تمام دنیا میں سُنے جاتے رہے۔ نیز ایئر کنڈیشنڈ کمرہ میں بیٹھے ہوئے کُتّے کے بھونکنے کی آواز آتی رہی اور تمام دنیا نے اسے بڑے غور اور دلچسپی سے سُنا۔ پھر کچھ عرصہ بعد انسان نے بھی خلائی سفر طے کیا۔ روس نے تو کمال ہی کر دیا کہ ایک ہی وقت میں دو مختلف راکٹوں میں ایک مرد اور عورت کو اُڑائے رکھا۔

اور وہ دن دُور نہیں جبکہ انسان چاند کی زمینوں پر قابض ہوگا +

"ایک مرتبہ ہمیر پور میں ایک مشاعرہ تھا۔ مَیں لکھنؤ سے چلا اور کانپور سے ایک صاحب ساتھ ہو لئے!

اجاڑ سی صورت عینک میں ایک طرف ایک دھجّی بندھی ہوئی۔ میلی سی ترکی ٹوپی۔ اُنگا کاسا چار خانے کا پاجامہ۔ ڈھیلی ڈھالی سی اچکن۔ ہیروں میں سِلا سا کرمچ کا جُوتا چیں چیں کرتی ہوئی آواز اور عجیب بھدّا سا نقشہ! ثاقب کانپوری نے تعارف کرایا کہ آپ مولیٰنا حسرت موہانی ہیں۔ مَیں تو سکتہ کے عالم میں رہ گیا ـــــ یا اللہ! ایسے ہوتے ہیں حسرت موہانی!!؟"

('حسرت موہانی کا خاکہ' ـــــ شوکت تھانوی)

"اہم تجویز یہ ہے کہ شاہکار افسانوں کو معرضِ وجود میں لانے کے لئے انفرادی کوشش کی بجائے اجتماعی کوشش کی جائے۔ ان کا نظریہ ہے کہ اچھا آرٹ اجتماعی کوششوں کا نتیجہ ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر وہ تاج محل اور اجنتا کی تصاویر پیش کرتے ہیں۔ ان کے خیال میں تاج محل تخلیق میں شاہجہان کے تخیل کے علاوہ ہزاروں انجینئروں اور معماروں کا ہاتھ ہے۔ اسی طرح اجنتا کی تصاویر صرف ایک آرٹسٹ کی جدّتِ طبع کی مرہونِ منّت نہیں ہو سکتیں۔ چنانچہ اگر ہم انفرادی طور پر فرانسیسی یا روسی شاہکاروں کی گرد کو نہیں پہنچ سکے تو ہمیں اجتماعی طور پر ان کی ہمسری کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ ششی موہن صاحب کی رائے میں ایک اچھا افسانہ ایک اچھی فلم کی طرح بہت سے آرٹسٹوں کے زورِ فکر کا نتیجہ ہونا چاہیئے۔ مثلاً ایک صاحب افسانے کا نام تجویز کریں دوسرے صاحب اس کا مرکزی خیال۔ افسانے کی زبان اگرامر کے تیسرے صاحب انچارج ہوں۔ تشبیہیں اور استعارے چوتھے آرٹسٹ کے ذمے لگائی جائیں۔ پانچواں ادیب روزمرّہ اور محاورہ وغیرہ کی صحت کا خیال رکھے۔ مطلب یہ کہ جہاں آجکل کئی افسانوں کا صرف ایک مصنّف ہوتا ہے وہاں ایک افسانے کے متعدد مصنفین ہوں اور افسانے کے شروع میں سب کا نام آئے۔
مثلاً:۔

نام	دیوندر ستیارتھی
مرکزی خیال	راجندر سنگھ بیدی
زبان اور گرامر	مولانا صلاح الدین احمد
تشبیہیں اور استعارے	کرشن چندر
روزمرہ اور محاورہ	چراغ حسن حسرت

اس طرح ایک ایسا افسانہ تیار کیا جائے جسے افسانوں کی دنیا میں تاج محل کا خطاب دیا جا سکے۔"

(شیشہ و تیشہ ـــــ کنہیا لال کپور)

بُوئے گُل، نالۂ دل.....

- شیر افضل جعفری
- مبارک احمد عابد
- محمد رفیع اختر
- عبدالحمید عابد
- نعیم قدسی
- کریم قمر
- محمد احمد
- بشارت جمیل

شبیر افضل جعفری

یہ انساں بھی جادُو کی پرکار رہے
کہ اس کے گھماؤ میں چودھار رہے

اگرچہ زمانہ دھوُاں دھار رہے
مگر اس میں زلفوں کا چمکار رہے

بشر موتیوں والی سرکار رہے
یہ جل اور تھل کا تُمن دار رہے

گلے میں اُترتا ہوُا تیر بھی
جری کے لئے دُودھ کی دھار رہے

اگر آگ سے کھیل جائے کوئی
تو پھر موت کشمیر کی نار رہے

شاعِر افضل جعفری

کوٹھے پہ بولے ہے کاگا   شاید ماہی آنے لاگا
چنا کی یونچپال دُلہن کا   گھونگھٹ بھی سونے پہ سُہاگا
ہر دے کی ڈھولک پہ گائیں   تھل کُرڑیاں سندھڑے میں آگا
اتنی چڑھی یاروں کی گُڈّی   ٹُوٹ گیا سنگت کا تاگا

آہوں کے بھونچال سے افضلؔ
بھگوان ڈونگھی نیند سے جاگا

رانا محمد رفیع اختر
بی-اے (سال دوم)

رندِ مشرب کا کچھ بھلا نہ ہوا
کعبہ جا کے بھی پارسا نہ ہوا

برقِ بے تاب ہی سلامت ہو
آشیاں کا ہے کیا! ہوا نہ ہوا

لوگ ملتے ہیں کتنی اُلفت سے
ہم پہ وہ مہرباں ذرا نہ ہوا

ہو گئے سب طبیب مجھ سے الگ
دردِ سینے سے جب جُدا نہ ہوا

عمر بھر وہ رہے خفا مجھ سے
عمر بھر جن سے میں خفا نہ ہوا

سوچتا ہوں کہ راہِ اُلفت میں
کیا ہوا ہم سے اور کیا نہ ہوا

مبارک احمد عابدؔ
ایف۔اے (سال دوم)

○

نجانے کیسی ہے اربابِ دل کی ساقی گری
"رہی چھلک کے بھی مینائے دل بھری کی بھری"

بہار آئی ہے اب دل کا حال کیا ہوگا !
کہ شاخِ زخمِ جگر ہوگئی ہے پھر سے ہری

مَیں عابدؔ اُن کی نظر سے شراب پیتا رہا
جو ساغروں میں پڑی تھی رہی دھری کی دھری

عبدالحمید عابدؔ
ایف۔اے (سال دوم)

○

وسعتیں کون و مکاں کی ساتھ لے آتے ہو تم
نبضِ عالم ڈوبنے لگتی ہے جب جاتے ہو تم

دھڑکنوں سے دل کی یوں محسوس ہوتا ہے مجھے
قصّۂ غم شب کی تنہائی میں دُہراتے ہو تم

رقص کرتے ہیں ستارے جھومتی ہے کہکشاں
نظمِ عابدؔ شب کی تنہائی میں جب گاتے ہو تم

نعیم قدسی

اُلجھن

اِک طرف زہری نشیبوں کے انوکھے سلسلے!

اِک طرف اتنی بلندی ہے کہ تا اَوجِ فلک!

سنگِ لرزاں کی چٹانوں کے سوا کچھ بھی نہیں!

اِک طرف رس کی پھواروں کے انوکھے زمزمے!

اِک طرف اتنی خموشی ہے کہ مرگھٹ کا گماں!

اِک طرف سنگین پتھر اور بوجھل زلزلے!

اِک طرف میری تمناؤں کے شیشوں کا محل!

اِک طرف صندل کی خوشبوؤں سے مہکی وادیاں!

ایستادہ ہیں اندھیروں کی فصیلیں جن کے گرد!

اِک طرف کُہنہ روایات اور عقیدوں کا ہجوم!

اِک طرف میری نظر کی وسعتیں!

اجنبی دُکھ، بھاگتے سائے، اندھیرے راستے!

اتنے غم اور ایک میں!!!!؟

زندگی جیسے خلاؤں میں بھٹک کر رہ گئی۔

کریم قمر
بی۔اے (سال اوّل)

قندیلِ حق

چاند کی ایک معصوم ننھّی کرن
چڑھتے سورج کا بھی مُنہ چڑاتی رہی
وقت کا دیوتا سر جُھکاتا گیا
کہکشاں راستوں کو سجاتی رہی
آندھیوں کی اَمس جب بھی بڑھنے لگی
چاندنی اپنا دامن بچھاتی رہی
گرمیٔ خوں سے روشن یہ قندیلِ حق
عزم و ایماں کی شمعیں جلاتی رہی
کفر و باطل کا دامن سمٹتا رہا
زندگی کا حسیں رُخ نکھرتا رہا

مبارک احمد عابد

○

موسم ہے حسین، تنہائی ہے
ایسے میں تری یاد آئی ہے
یہ میرے غموں کا سایہ ہے
گھنگھور گھٹا جو چھائی ہے
مَیں شکوہ کروں تو کیسے کروں
شکوہ بھی تری رسوائی ہے
پتھر بھی جسے سُنکر روئیں
وہ تُو نے جفا دکھلائی ہے
جب مَیں نے تمہارا نام لیا
سب کہنے لگے سودائی ہے
دل روتا ہے تو رونے دے
کیوں آنکھ تری بھر آئی ہے

محمد احمد

"ٹیڈی ازم"

جو "ٹیڈی ازم" سی وباء ہو رہی ہے
شرافت جہاں سے ہَوا ہو رہی ہے
جدھر دیکھو عشقِ غلیظہ کے قصّے
یہ دنیا بڑی بے حیا ہو رہی ہے
نکالا ہے کیا پیرہن کا خلاصہ!!
ذلالت کی بھی انتہا ہو رہی ہے
نہ جنّت کی خواہش نہ دوزخ کی پرواہ
اِسی ڈھب سے دُنیا فنا ہو رہی ہے

بشارت جمیل
بی۔اے (سال اوّل)

"مرنے کی ادا یاد نہ جینے کی ادا یاد"
ہے اب بھی مگر تیرے تبسّم کی ادا یاد

وہ سیلِ تمنّا ہے نہ وہ شورِ تلاطم
دل کو ہے مگر شورِ تلاطم کی صدا یاد

مجبورِ محبّت کو ہر اک راہ گزر سے
آتی ہے کسی عہدِ گزشتہ کی صدا! یاد

وہ واعظِ بے دین ہے یہ واعظِ دیندار
اُس کو ہے خدا یاد نہ اِس کو ہے خدا یاد

منزل بھی کٹھن راہ بھی دشوار تھی لیکن
صد شکر کہ مشکل میں بھی تو ہم کو رہا یاد

ہے طالعِ تقدیر ہی گردش میں جمیلؔ آج
ہے اپنی وفا یاد نہ ہے تیری جفا یاد

دامِ خیال

● مجیب اللہ خان

● سعید انجم

● انعام ہاشمی

مجیب اللہ خان
بی اے (سال اول)

آہ وہ دن.....!

چھٹیاں ہو چکی تھیں۔ ہم سب چاہتے تھے کہ دُور ـــــ بہت دُور ـــــ نیلی نیلی پہاڑیوں کے اُس پار ـــــ جھیل کے کنارے مچھلی کا شکار کھیلیں ـــــ

ایک دن صبح سویرے بادل کے وسیع و عریض ٹکڑے آسمان میں تیر رہے تھے ـــــ بارش نہ ہوئی ـــــ ہری ہری سرسبز و شاداب پہاڑیوں کا لامتناہی سلسلہ اور ان پر لانبے لانبے درخت کچھ عجیب بہار پیدا کر رہے تھے ـــــ میں اپنی کھڑکی میں کھڑا قدرت کی ان بہار آفرینیوں سے لطف اندوز ہو رہا تھا ـــــ اور قدرت کی دل آویزیوں، نیرنگیوں اور رعنائیوں کے متعلق سوچ رہا تھا ـــــ کتنے لوگ ہیں جو مناظرِ قدرت کے متعلق سوچتے ہیں اور اُن پر نثار ہوئے جاتے ہیں ـــــ

سورج کی نور پاش کرنیں تیرتے ہوئے بادلوں کو چیرتی ہوئی پہاڑوں کے دامن میں جذب ہو رہی تھیں ـــــ ایسے میں گلہ بانوں کی بانسری کی خوش آیند آواز مست بنا رہی تھی ـــــ میں مطالعۂ قدرت میں ہمہ تن مشغول تھا ـــــ اور طرح طرح کے خیالات میں مستغرق کھڑکی سے باہر جھانک رہا تھا، اچانک میرے دل میں خیال پیدا ہوا کہ اگر ایسے سہانے موسم میں مچھلی کا شکار کھیلا جائے تو کتنا مزہ آئے ـــــ

اچانک جانی پہچانی آواز نے خیالات کے تسلسل کو توڑ دیا ـــــ "چلو جی فلسفی صاحب مچھلی کا شکار کھیلنے چلتے ہیں" ـــــ شاہین اور جمیل نے کہا ـــــ "جلدی بھی کرو، سُنا ہے جھیل میں بہت سی مچھلیاں ہیں ـــــ مناظرِ قدرت سے محظوظ ہونا ہو تو چلو جھیل کے شفاف پانی کو دیکھو ـــــ مرغابیوں کے غول کا مشاہدہ کرو ـــــ درختوں کی ہریالی پر نگاہ ڈالو ـــــ اور اس کے گرد و نواح کی زمین تو واقعی ہری وردی پہنے دکھائی دیتی ہے ـــــ" "ہم نے کیمرہ بھی لے لیا ہے" دونوں نے کہا ـــــ "ذرا ٹھہرو! امّی سے اجازت لے لوں" میں نے کہا ـــــ "کیوں! وہاں بغیر اجازت جاتے ہوئے تمہیں ڈر لگتا ہے کیا؟" ـــــ "پھر تو تم بہت ہی ڈرپوک ہو" ـــــ دونوں نے میری بات کاٹتے ہوئے کہا ـــــ "دیکھو ہم جیبوں میں پراٹھے بھی بھر لائے ہیں اور دوسری ضروری اشیاء بھی چھپا کر لے آئے ہیں، اس لئے کچھ ساتھ لینے کی ضرورت نہیں" ـــــ

مجھے یہ دونوں دوست بہت ہی عزیز تھے، اکھٹی کھیلی کھڑی ہونے کے باعث مجھے ان کی دل شکنی منظور نہ تھی لہٰذا ساتھ ہو لیا ـــــ ہم تینوں سانپ کی طرح بل کھاتی ہوئی پگڈنڈی پر گامزن ہوئے ـــــ

ایک طرف اُونچے اونچے پہاڑ جن کی چوٹیاں آسمان کی نیلگوں فضا میں گُم ہو کر رہ جاتیں ـــــ دوسری طرف وادیوں کی عمیق گہرائیوں میں نظر ڈال کر دل کانپ اُٹھتا اور جان خشک ہوتی ـــــ ہم اِن دلفریب مناظر میں کھو جاتے، قدرت کی نیرنگیوں کا مشاہدہ کرتے ـــــ باتوں کا جھاڑ باندھتے، پگڈنڈی پر رواں دواں بڑھتے رہے اور ڈیڑھ گھنٹے کی مسافت کے بعد اِس ڈھلوان پر پہنچے جہاں سے جھیل کا پانی چادرِ سیماب دکھائی دے رہا تھا ـــــ جلد جلد جھیل کے کنارے پہنچ گئے ـــــ منظر واقعی دلکش اور جاذبِ نظر تھا ـــــ

گلابی جاڑا! جھیل کے کنارے خودرَو پھولوں کے ننھے مُنّے پودے ـــــ کئی قسم کے پھول ـــــ سُرخ، سفید، زرد، نیلے ـــــ جیسے کوئی گلدستہ ـــــ درختوں کی لانبی، بے جان اور جُھکی ڈالیوں سے اوس کے ننھے ننھے قطرے پہلو کے پانی میں گر کر ذرا سی دیر کے لئے ہلچل مچا دیتے جیسے خاموش دریا کے سینے میں طوفان اُٹھا ہو ـــــ اور پھر وہی خاموشی چھا جاتی ـــــ پھر وہی سکوت مسلط ہو جاتا جو قطرے گرنے سے پیشتر فضا پہ مسلط تھا ـــــ اور خاموش پانی میں برگد کے پھل گر گر کر فضا میں ایک موسیقی پیدا کر رہے تھے ـــــ

ہم لوگ پانی میں کُنڈیاں ڈال کر بیٹھ گئے ـــــ مچھلی کا شکار واقعی بہت صبر آزما ہوتا ہے ـــــ سانس روک کر گھنٹوں صمٌ بکمٌ بیٹھے رہنا آسان کام نہیں ـــــ لیکن عجیب اتفاق تھا کہ ہم نے تھوڑی سی دیر میں بہت سی مچھلیاں پکڑ لیں ـــــ پراٹھوں سے بھوک مٹائی ـــــ دو بجے کے قریب مَیں نے واپس چلنے کی تجویز پیش کی ـــــ مگر میری بات کاٹتے ہوئے دونوں نے کہا "اتنی بھی کیا جلدی ہے، چار بجے چلیں گے اور پانچ چھ بجے تک پہنچ ہی جائیں گے ـــــ چنانچہ ہم نے مچھلیوں کو ایک محفوظ مقام پر رکھ کر اِرد گرد کے خوبصورت مناظر کو دیکھنا شروع کیا ـــــ

کبھی پانی میں پاؤں لٹکاتے ـــــ کبھی پہاڑی کے دامن میں چھوٹی چھوٹی آبشاروں کا مشاہدہ کرتے ـــــ اور کبھی مرغابیوں کے گروہوں پر نگاہ دوڑاتے ـــــ جھیل کے چاروں طرف ـــــ دُور پہاڑوں پر چڑھ کے درختوں کے لامتناہی سلسلے دلفریب مناظر پیش کر رہے تھے ـــــ میری نگاہیں خاموش پانی کی ننھی لہروں میں کسی چیز کو گھور رہی تھیں ـــــ زرد پتے پانی میں بہہ رہے تھے ـــــ گاہے گاہے کسی ریتیلے اُبھار یا پانی میں اٹکی ہوئی جھاڑیوں سے ٹکرا کر رُک جاتے ـــــ آہستہ آہستہ تہوں کا ڈھیر لگ جاتا ـــــ جب ہوا کا جھونکا آتا تو یہ ڈھیر ہولے ہولے پھر بہنے لگتا ـــــ سورج کی روپہلی کرنوں میں یہ زرد پتے سونے کی طرح چمکتے ـــــ مگر سائے میں پہنچ کر اُن پر پہلی سی مُردنی چھا جاتی ـــــ

ہم سمجھتے تھے کہ جگہ دُور ہونے کی وجہ سے فرشتہ بھی دم نہ مارتا ہوگا ـــــ مگر دُور پہاڑوں میں سے کہیں گڈریے کی بانسری کی دلفریب اور خوش کُن تانیں مسحور کُن ماحول پیدا کر دیتیں ـــــ ہمارے قلک شگاف قہقہے اِس مکمل سکوت میں ـــــ معصوم نکھری نکھری، ٹھنڈی ٹھنڈی فضا میں ارتعاش پیدا کر دیتے ـــــ

بڑی دیر تک ہم یونہی پھرتے رہے۔ شاہین کا کیمرہ اِن کی نقاشی کرتا رہا ـــــ ہم ابھی مصروفِ گلگشت ہی تھے کہ

آسمان پر کالی کالی بدلیاں چھانے لگیں اور دیکھتے ہی دیکھتے پُرسکون ماحول میں ایک ہیجان برپا ہوگیا ـــــ ہوا اور گھٹا ٹوپ اندھیرا کسی آنے والے طوفان پر دلالت کرتا تھا ـــــ ہم دن بھر کی محنت ساتھ لے کر چل پڑے۔ ابھی ہم ڈھلوان ہی تک پہنچے تھے کہ طوفانی بارش ہونے لگی ـــــ قدم ڈگمگانے لگے ـــــ کتنا خوفناک تھا وہ منظر ـــــ کتنا ہولناک تھا وہ سفر ـــــ کتنا وحشتناک تھا وہ رستہ ـــــ پہاڑیوں کی چوٹیوں سے پانی دھائیں دھائیں کرتا، آبشاروں کی طرح گرتا اور پھر ـــــ وادیوں کی اتھاہ گہرائیوں میں کہیں گم ہوجاتا ـــــ

زہریلے ناگ کی طرح بل کھاتا ہوا رستہ ـــــ وہ بھی متعدد جگہوں سے ٹوٹا ہوا ـــــ ہم گاہے گاہے ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑے تسلیاں دیتے چلے جارہے تھے ـــــ

اچانک طوفان کا ایک ایسا ریلہ آیا کہ میرے دونوں ساتھی میری نگاہوں سے اوجھل ہوگئے ـــــ میں چیخا۔ چلایا ـــــ مگر میری آواز بادل کی کڑک، بجلی کی چمک، چیڑھ کے سر بفلک درختوں کی تڑاق پڑاق ـــــ ہوا کی سائیں سائیں، آبشاروں کی دھائیں دھائیں میں ہی کہیں گم ہوکر رہ گئی ـــــ میں دل کڑا کرکے بڑھتا رہا ـــــ دامن پتھر تلے دیدیا ـــــ اِدھر دیکھا کنواں ـــــ اُدھر دیکھا کھائی ـــــ آگے بڑھنا سانپ کے بل میں ہاتھ ڈالنے کے مترادف ـــــ اور دائیں طرف قدم رکھنا گویا موت کو دعوت دینا تھا ـــــ اور بائیں بڑھنا ـــــ اُف موت! موت کے بھیانک سائے ناچ رہے تھے ـــــ

دل ڈوبا جارہا تھا۔ پھیپھوڑے جل رہے تھے ـــــ اجل سر پر منڈلا رہی تھی ـــــ میں پتھروں کا سہارا لیکر دھیرے دھیرے بڑھنے لگا۔ جہاں طوفانی زور بڑھ جاتا وہیں تھم جاتا ـــــ میں اپنی بدنصیبی کا دل ہی دل میں ماتم کررہا تھا کہ اچانک میرا ہاتھ کسی ہاتھ سے ٹکرایا ـــــ یہ جمیل تھا ـــــ اب ہمارے جگر میں کانٹا اٹکا کہ ہائے! شاہین کدھر چلا گیا؟ کلیجہ دھک سے رہ گیا ـــــ اُس کی تلاش میں ہم نے کنویں میں بانس ڈالے ـــــ مگر اُس کا کہیں بھی پتہ نہ لگا ـــــ خوب پاؤں پیٹے ـــــ ناچار پاؤں توڑ کر بیٹھ گئے ـــــ ہم نے شاہین کی تلاش میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی ـــــ آوازیں دیں ـــــ لیکن پہاڑوں میں گونجتی ہوئی ہمیں صرف اپنی آواز ہی سنائی دیتی تھی ـــــ

یا الٰہی! یہ کیا ماجرا ہے؟ ـــــ آسمان کیوں پھٹ پڑا ـــــ؟ میں چیخ کر بولا ـــــ ہم آب ہوئے ـــــ آٹا اور گیلا ہوا ـــــ آگے کے قدم پیچھے پڑنے لگے ـــــ

..... میرا اضطراب بڑھتا گیا ـــــ میں وقفے وقفے کے بعد اُس کو پکارتا ـــــ میرے اس اضطراب کو محسوس کرتے ہوئے جمیل نے کہا ـــــ "شاید وہ آگے نکل گیا ہو" ـــــ "خدا کرے ایسا ہی ہو" ـــــ میں نے جواب دیا ـــــ

اب ہم دونوں اُس چھوٹے سے گاؤں کی طرف چل پڑے جو اُس پہاڑ کے دامن میں تھا ـــــ

سورج اپنی مختلف الالوان کرنیں سمیٹ کر ایوانِ مغرب میں روپوش ہوچکا تھا اور تاریکی کی ڈراونی سیاہ زلفوں نے ساری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ـــــ ہم نے رات اُس گاؤں میں آنکھوں ہی آنکھوں میں کاٹی اور صبح سویرے

ہی گھر کی طرف روانہ ہو گئے ——

سورج نے پہاڑوں کی اوٹ سے جھانکنا شروع کیا اور اس کی پیلی پیلی کرنیں چیڑھ کے درختوں سے چھن کر دھندلکے کو چیرتے ہوئے، شبنمی قطروں سے منعکس ہوتے ہوئے ہم تک پہنچ رہی تھی —— ہم دونوں لمبے لمبے ڈگ بھرتے ہوئے جا رہے تھے —— رہ رہ کے دل میں خیال آتا تھا —— "خدا کرے شاہین گھر خیریت سے پہنچ گیا ہو" ——

ابھی ہم گاؤں سے زیادہ دُور نہ گئے تھے کہ ہمیں چند آدمی کسی کو چارپائی پر لٹائے ہمارے گاؤں کی طرف جاتے دکھائی دیئے —— چارپائی دیکھ کر ہمارا ماتھا ٹھنکا —— میں نے جمیل کی طرف غور سے دیکھا، مگر زبان سے کچھ بھی نہ کہہ سکا —— جمیل کے چہرے کا اُتار چڑھاؤ بھی غم و الم کی غمّازی کر رہا تھا ——

وہ لوگ سستانے کے لئے ایک درخت کے نیچے رُکے —— ہم اُن کے قریب پہنچ گئے —— اُن میں سے ایک شخص نے مجھے اشارہ سے بُلایا اور کہا —— "یہ ایک بچے کی لاش ہے جو ہمیں اِس ڈھلوان کے سرے پر سے ملی —— ہم اِس کو بڑے گاؤں لے جا رہے ہیں تاکہ شناخت ہو سکے —— "بیٹا! کیا تم اِسے جانتے ہو" —— اُن میں سے ایک نے لاش کے مُنہ سے کپڑا ہٹاتے ہوئے پوچھا —— میں لاش کو دیکھتے ہی اُس سے لپٹ گیا —— "میرے شاہین! —— تم نے اچھا مچھلی کا شکار کھیلا! تم تو خود شکار ہو گئے ——

شاہین حیات! تم تو بڑے بہادر تھے —— تم نے حیات ہوتے ہوئے موت کا مقابلہ کیوں نہ کیا —؟ بولو! میں تمہارے ابا سے کیا کہوں —— تمہارے امّی کو کیا جواب دوں گا" —— میرا غم گسار دوست —— میرا ہمیشہ ساتھ رہنے والا ساتھی آج مجھ کو اکیلا غمگین چھوڑ کر جا چکا تھا —— دُور —— بہت دُور —— اتنی دُور جہاں غم اور تفکرات کے سائے بھی نہیں پہنچ سکتے ——

ماں باپ کا اکلوتا بیٹا —— شاہین —— عصائے پیری بننے کے بجائے انہیں داغِ مفارقت دے گیا —— عین عنفوانِ شباب میں اُس نے زندگی کا سفر ختم کر دیا ——!

میں جب کبھی اُوپر والے کمرے میں بیٹھ کر دریچے سے نیلی نیلی سبز سبز پہاڑیوں پر کالے کالے بادل منڈلاتے دیکھتا ہوں تو وہ دن، وہ وقت، اور وہ سماں میری آنکھوں میں پھر جاتا ہے اور میرے ذہن میں شاہین کا نقش اُبھر آتا ہے —— اور میں بے قرار ہو کر آنسوؤں سے دامن تر کر لیتا ہوں اور مُنہ سے بے اختیار نکل جاتا ہے ——

حیات اِک مستقل غم کے سوا کچھ بھی نہیں شاید
خوشی بھی یاد آتی ہے تو آنسو بن کے آتی ہے

سعید انجم
بی۔اے (سال اوّل)

ساکن ہاتھ

"جوگندر، جوگندر" ساندھرو نے آواز دی۔

"کیا ہے؟" چھپّر کے نیچے بچھی ہوئی چارپائی پر ایک میلی سی دھوتی باندھے ہوئے بیٹھے لڑکے نے جواب دیا۔

"شہر سے کچھ بابو لوگ آئے ہیں" ساندھرو نے بتایا۔

"تو مَیں کیا کروں؟"

"اُن کے پاس کچھ عجیب سی چیزیں ہیں۔ بہت سے لڑکے دیکھ رہے ہیں آؤ ہم بھی دیکھیں۔"

"مجھے نہیں دیکھنی تم جاؤ دیکھو۔"

"پتہ ہے اُن کے پاس ایک کالی سی چیز ہے جس کو آنکھوں سے لگا لینے سے دُور کی چیزیں بڑی دکھائی دیتی ہیں۔ پھر ایک چھوٹی سی لکڑی بھی ہے اگر اُس کو مُنہ سے لگائیں تو وہ بجتی ہے۔ مَیں تو دیکھ آیا ہوں۔ آؤ دیکھتے ہیں۔"

"کہہ جو دیا ہے مجھے نہیں دیکھنی یہ سب چیزیں۔ تم جاؤ۔"

ساندھرو بے چارہ چپکے سے مُنہ نیچے ڈال کر چلا گیا۔ وہ جوگندر کا دوست تھا اور ہر بات میں اُس کا ساتھ دیا کرتا تھا۔ اُس نے سوچا چلو یہ عجیب چیزیں جوگندر کو بھی دکھا دے لیکن وہ مانا ہی نہیں۔

جوگندر نے جب سے نمبردار کے پاس آنے والے افسر کی کار دیکھی تھی اُس دن سے اُس کو کسی اَور چیز سے کوئی کشش ہی نہ رہ گئی تھی۔ بس وہ ہر وقت کار ہی کے متعلق سوچتا رہتا تھا اور انتظار میں رہتا تھا کہ پھر دوبارہ کار آئے لیکن اُس کی مراد ابھی تک پوری نہیں ہوئی تھی۔

اُس روز وہ لسّی پی رہا تھا کہ باہر سے "پُوں" کی آواز گونجی۔ اُسے یہ آواز بھلی لگی باہر بھاگ کر گیا تو نمبردار کے گھر کے سامنے ایک بہت پیاری سُرخ اور سفید رنگ کی پہیوں والی گاڑی کھڑی تھی۔ اُس کے چاچا نے بتایا تھا کہ اُسے کار کہتے ہیں۔ چند لمحوں میں وہاں بچّوں کی بھیڑ لگ گئی۔ خاکی کپڑے پہنے ہوئے ایک آدمی بچّوں کو پیچھے ہٹا رہا تھا اور بچّے اصرار کر رہے تھے کہ پھر "پُوں" کرو۔ آخر بچّوں کے اصرار کرنے پر وہ پھر اندر بیٹھ گیا اور "پُوں" کرنے لگا۔ اور اُتنی دیر میں جوگندر

نے جلدی سے کار پر ہاتھ پھیر لیا تھا۔ کار بہت ملائم تھی۔ کار کو ہاتھ لگانے سے پہلے اُس کا خیال تھا کہ سب سے ملائم نمبردار کا وہ کمرہ ہے جہاں کسی کو اندر جانے کی اجازت نہیں ہے۔ جب افسر لوگ آتے ہیں اُس وقت اُن کے لئے کھولا جاتا ہے۔ جہاں کچھ کرسیاں بھی پڑی ہوئی ہیں۔ جوگندر صرف ایک دفعہ وہاں گیا تھا' وہ بھی نمبردار کے دوستوں کے ہاتھ دُھلانے' اور اُسے اپنے پاؤں پھسلتے ہوئے محسوس ہوئے تھے۔ پھر جب ہاتھ دُھلا چکا تو گندے پانی والی بالٹی اُٹھانے کے لئے اُس نے ہاتھ بڑھایا تو اُس نے جلدی سے نیچے جُھک کر فرش پر بھی ہاتھ پھیر لیا تھا۔ وہ اُسے بہت ملائم لگا تھا۔ لیکن اِس روز کار کو ہاتھ لگانے سے اُسے کمرے کی ملائمت بھُول گئی اور کار اُس سے کہیں زیادہ ملائم لگی۔ جب وہ خاکی پتلون قمیص والا آدمی کار سے "پُوں" کر کے باہر نکلا تو جوگندر نے بڑی معصوم سی صورت بناتے ہوئے کہا تھا "بابو جی ایک دفعہ اَور" تو اُس نے ایک دفعہ پھر "پوں" کر دیا' اور اتنی دیر میں جوگندر نے دوسری طرف سے کار پر ہاتھ پھیر لیا۔ اور پھر وہ کتنی دیر تک ہی اپنے اُس ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر پھیرتا رہا۔ گویا کار کی ملائمت کا اثر اُس کے ہاتھ پر بھی ہو گیا تھا۔

اب جوگندر سوچتا تھا کہ اگر پھر وہی کار آئے تو وہ اُس خاکی کپڑوں والے سے کہے گا کہ وہ اُسے کار میں بٹھا لے' اور اُسے اُمید تھی کہ وہ اس کی بات مان لے گا' آخر پہلی دفعہ بھی تو اُس نے اُس کی بات مان ہی لی تھی۔ لیکن اُس کا انتظار لمبا ہوتا گیا' اور وہ کار والا نہ آیا۔ وہ اکثر اپنے چاچا سے کار کے بارہ میں پوچھتا رہتا جو قریبی شہر میں کسی کے گھر نوکر تھا۔ ہر صبح سویرے چلا جاتا اور پھر رات گئے واپس آتا۔ لیکن وہ شہر کا جاننے والا چاچا بھی اُس کو کچھ نہ بتا سکا۔

اُس کا چاچا بھی بہت عجیب چیز تھی ——— رات کو جب بوڑھے بڑ کے درخت کے پاس سب لوگ آگ کے الاؤ جلا کر بیٹھے باتیں کیا کرتے یا کبھی کبھار بوڑھے بیراگی سے کہانی سُن رہے ہوتے تو اُس وقت اُس کا چاچا شہر سے واپس آیا کرتا تھا وہ انہیں شہر کے متعلق بہت سی باتیں سُناتا۔ جوگندر پوچھتا کیوں چاچا وہاں کوئی کار بھی ہے شہر میں؟

وہ ہنس کر کہتا کوئی ایک۔ وہاں تو کئی کاریں شوں فوں کرتی ہر وقت گزرتی رہتی ہیں۔ اِس طرح جوگندر کو پھر پتہ لگ گیا کہ کار شوں فوں کر کے گزرتی ہے۔ اور پھر وہ اکثر تیزی سے بھاگتا اور اپنے ساتھیوں کے قریب سے گزرتے ہوئے شوں فوں کرتا اور کہتا کہ دیکھا نا میں کار کی طرح شوں فوں کرتا ہُوا بھاگتا ہوں لیکن اُس سے وہ تیز رفتاری کبھی پیدا نہ ہوئی جس تیز رفتاری سے اُس روز نمبردار کے افسروں کی کار شہر کی طرف واپس گئی تھی۔ وہ تو آنکھ جھپکتے ہی پکی سڑک پر مُڑ گئی تھی اور جوگندر پوری طاقت سے بھی بھاگتا تو بھی اُسے اُس موڑ تک پہنچتے پہنچتے دس پندرہ منٹ لگ جاتے۔ لیکن یہ بات اُس کے ساتھیوں میں سے کبھی کسی نے نہ کہی۔ وہ سب جانتے تھے کہ واقعی جوگندر کار کی طرح شوں فوں کر کے بھاگتا ہے۔ آخر وہ اُن سب سے زیادہ تیز دوڑتا تھا۔

ہوتے ہوتے دو سال کا عرصہ بیت گیا۔ جوگندر کے گاؤں والوں نے دو فصلیں کاٹ لیں لیکن پھر دوبارہ کوئی کار نہ آئی۔ اب جوگندر کا شوق اور تیز ہوتا جا رہا تھا اور وہ چاہتا تھا کہ وہ شہر میں جا کر کار دیکھ آئے لیکن اُس کا باپ اُسے جانے ہی کب دیتا تھا۔ اُس نے کئی بار اپنے چاچا کو بھی کہا کہ وہ اُسے شہر لے چلے لیکن وہ نہیں مانا تھا۔ وہ نہیں چاہتا تھا کہ وہ اپنے مالکوں کے سامنے ایک

عطیہ جناب

گندی سی میلی دھوتی پہنے ہوئے لڑکے کو لے جائے۔

جوگندر کے باپ نے سوچا اب جوگندر کو کام پر لگایا جائے ہل وغیرہ ہی چلانے لگا۔ چنانچہ جوگندر اپنے باپ کے ساتھ کھیت پر جانے لگا۔ ہل میں جُتے ہوئے بیل جب سانس لیتے اور شُوں شُوں کی آواز پیدا ہوتی تو اُس کا دل تڑپ اُٹھتا۔ ایک دن اُسے خیال آیا کہ یہ بیل کار کی طرح شُوں شُوں تو کرتے ہیں لیکن اُتنے تیز کیوں نہیں ہوتے۔ وہ اپنے باپ کو کہتا کہ انہیں تیز چلائے لیکن اُس کا باپ صرف مسکرا دیتا۔

ایک روز دیر ہوگئی اُن کی روٹی نہ آئی تو جوگندر نے خود ہی کہا لاؤ بابا میں اکیلا ہی ہل چلاتا ہوں تم جاکر روٹی لے آؤ۔ اُس کا باپ بیل اُس کے حوالے کر کے چلا گیا۔ بیلوں نے چلتے ہوئے شُوں شُوں کیا اور اُسے کار یاد آگئی۔ اُس نے بیلوں کو تیزی سے چلانا شروع کر دیا لیکن وہ زیادہ تیز نہ ہوئے۔ وہ چاہتا تھا کہ پل جھپکتے میں جس طرح کار وہ پکی سڑک والا موڑ مڑ گئی تھی اسی طرح پل جھپکتے ہی یہ بیل کھیت کا چکر پورا کرلیں لیکن بیل نہ مانے۔ اُس نے چھڑی برسانی شروع کر دی۔ پہلے تو بیل کچھ تیز ہوئے لیکن جوگندر تو اور تیزی چاہتا تھا اُس نے اُنہیں بے تحاشا پیٹنا شروع کر دیا۔ آخر بیل کب تک مار کھاتے۔ وہ سرکش ہوکر بھاگے۔ کھیت کی منڈیر کو توڑتے ہوئے آگے نکل گئے۔ جوگندر سے سنبھالا نہ گیا۔ وہ خود بھی گر گیا۔ اُسے خوب چوٹیں آئیں اور ہل وغیرہ بھی ٹوٹ گیا۔ تھوڑی دیر میں اُس کا باپ آیا تو وہ یہ حالت دیکھ کر سخت ناراض ہوا۔ جب ٹوٹا ہوا ہل اور ایک بیل کا خون نکلتے ہوئے دیکھا تو آپے سے باہر ہوگیا۔ اُس نے گھونسوں اور لاتوں سے جوگندر کی خوب خبر لی۔ اور پھر اُسی شام جوگندر کے چاچا نے بتایا کہ اُس کے مالک کو گھر کے چھوٹے موٹے کام کے لئے ایک لڑکے کی ضرورت ہے۔ اور یہ سُن کر جوگندر کے باپ نے جوگندر کا نام پیش کر دیا۔ اُسی رات اُس کے لئے ایک پاجامہ بنایا گیا اور صبح جوگندر کو صاف ستھرے کپڑے پہنا کر چاچا اپنے ساتھ لے گیا۔ راستے میں اُس کا چاچا اُسے بہت نصیحتیں کرتا رہا کہ اِس طرح سلام کرنا، اِس طرح باتیں کرنا۔ یہ باتیں سمجھ کر جوگندر اپنے چاچا کے ساتھ اپنے نئے مالک کے سامنے جا حاضر ہوا اور جوگندر نوکر رکھ لیا گیا۔

جوگندر شہر میں نوکری کرنے پر بہت خوش تھا۔ اب وہ ہر روز بہت سی کاریں دیکھتا اور اُس نے ایک ہفتہ میں تقریباً چودہ مرتبہ کار پر ہاتھ بھی پھیر لیا تھا۔ دراصل اُس کے مالک کے سامنے والے گھر میں کوئی بڑا سوداگر رہتا تھا جس کی اپنی بھی کار تھی اور اُس کو ملنے والے بھی اکثر کاروں ہی میں آتے تھے۔ اِس طرح جوگندر کسی بہانے سے باہر آ کر کار پر ہاتھ پھیر لیا کرتا تھا۔ اِس سے اُسے بہت سکون ملتا۔ اب اس کی بڑی خواہش یہ تھی کہ وہ کار میں سوار بھی ہو لیکن اُس کی یہ مراد بر آتی ہوئی دکھائی نہ دیتی تھی۔

ایک روز اُس نے دیکھا کہ سامنے والے سیٹھ کا نوکر جو اُس جتنا ہی لڑکا تھا اپنی مالکہ کے ساتھ کار میں بیٹھ گیا ہے اور سیٹھ نے اُسے کچھ بھی نہ کہا اور کار چل دی۔ اس کا جی چاہا کہ وہ زور سے چیخ کر سیٹھ کو آگاہ کر دے کہ اُس کا نوکر بھی کار میں بیٹھ گیا ہے لیکن اُس کے حلق نے اُس کا ساتھ نہ دیا اور کوشش کے باوجود بھی اُس کی آواز نہ نکل سکی۔ اُس نے سوچا کہ کاش! وہ سیٹھ

کے ہاں نوکر ہوتا، روزانہ کار کو صاف کیا کرتا اور صاف کرنے کے بہانے سے کبھی کبھار اُس میں بیٹھ کر بھی دیکھ لیتا۔ اور پھر جس طرح یہ دوسرا نوکر مالکہ کے ساتھ بیٹھ کر کہیں گیا تھا وہ بھی کار میں بیٹھ کر جا سکتا لیکن وہ اپنے آپ کو اس قسم کی باتیں سوچ کر بہت لاچار پاتا۔ وہ کچھ نہ کر سکتا تھا۔

اگلے روز اُس نے دیکھا کہ پھر سیٹھ کا نوکر دوبارہ اُن کے ساتھ بیٹھ کر کہیں جا رہا تھا۔ اُس روز اُسے اپنی بے بسی پر بہت رونا آیا اور آخر اُس نے سوچا کہ اُسے اپنے چاچا سے یہ بات کہہ دینی چاہیئے۔ شاید وہ اُسے سیٹھ کے ہاں نوکر کروا سکے۔ بالآخر اُس نے اپنے چاچا کو کہہ ہی دیا۔

"چاچا!"

"کیا بات ہے؟"

"ایک بات کہوں"

"ہاں کہو" چاچا نے جواب دیا۔

"بُرا تو نہ مانو گے"

"اگر بُرا ماننے کی نہ ہوئی تو نہیں مانوں گا۔"

"مجھے سامنے والے سیٹھ کے گھر نوکر کروا دو۔"

"کیوں؟" حیرانی سے اُس نے پوچھا۔

"وہ دیکھو نا چاچا.... چاچا اُن کا نوکر کار میں بھی بیٹھتا ہے۔"

"تو پھر کیا ہوا"

"تو..... تو پھر میں بھی بیٹھوں گا۔"

چاچا ہولے سے مسکرا دیا۔

"اچھا تو تم کار میں بیٹھنے کے لئے سیٹھ کی نوکری کرنا چاہتے ہو"

"ہاں"

چاچا زور سے ہنس دیا۔

"کیوں بھئی کس بات پر اتنی زور سے ہنسا جا رہا ہے؟" ایک دم جوگندر کے مالک نے گھر میں داخل ہوتے ہوئے کہا۔

"جی ہمارا جوگندر سیٹھ کے ہاں نوکری کرنا چاہتا ہے۔"

جوگندر کا رنگ پیلا پڑ گیا۔

"کیوں؟" ماتھے پر بل ڈال کر اُس نے پوچھا۔

"جی یہ کہتا ہے کہ سیٹھ کا نوکر کار میں بیٹھتا ہے اور جب میں سیٹھ کا نوکر ہوں گا تو کار میں بیٹھوں گا۔"

"اچھا تو یہ بات ہے" وہ ہنستے ہوئے بولا۔

"کیوں بھئی جوگندر تمہیں بہت شوق ہے کار میں بیٹھنے کا۔"

جوگندر سے بولا نہ گیا۔

"ارے بتاؤ"

"جی۔" بڑی مشکل سے اُس کے مُنہ سے نکلا۔

"ارے ہم تم کو کار کی سیر کروا دیں گے۔"

جوگندر اپنے آپ کو ہوا میں اُڑتا ہوا محسوس کرنے لگا۔

"دیکھا نا بابو جی کار میں بیٹھنے کا سُن کر کتنا خوش ہو گیا ہے" اُس کے چاچا نے کہا۔

جوگندر کا جی چاہا کہ وہ اپنے مالک کے پاؤں پڑ جائے اور اپنے چاچا کے گلے لگ جائے لیکن کچھ نہ کر سکا۔

وہ ایک دم اپنے آپ کو ایک بہت بڑا آدمی سمجھنے لگا کہ اب وہ بھی کار میں بیٹھے گا۔ اس کے ذہن میں کار کی ملائمت دوڑ گئی۔ وہ اپنے کار پہ پھرے ہوئے ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر پھیرنے لگا۔ خوشی سے اُس کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔

مالو چلا گیا۔

جوگندر ویسے ہی کھڑا تھا۔ اُس نے تھوڑی دیر کے بعد نظریں اٹھا کر دیکھا کہ اُس کا چاچا اکیلا ہی کھڑا تھا۔

"چاچا"

اور ایک دم سے اُچھل کر اُس کے گلے لگ گیا۔ اُسے اتنی خوشی ہوئی تھی کہ وہ اپنے چاچا کے جسم میں مدغم ہو جانا چاہتا تھا۔

"چلیا" اُس نے پھر کہا اور چُومنے لگا "تم بہت اچھے ہو چاچا، تم بہت اچھے ہو۔"

وہ پاگلوں کی طرح اپنے چاچا کے ساتھ چمٹا ہوا تھا۔

"ارے چھوڑو بھی، پاگل ہو گئے ہو کیا" اور آخر بڑی دقت سے جوگندر کو چاچا نے علیحدہ کیا۔

اُس روز جوگندر نے اپنا پیلا میلا پاجامہ خوب اچھی طرح دھویا۔ آخر اُس نے کار میں بیٹھنا تھا۔ وہ اپنے چاچا کے ساتھ گاؤں چلا جایا کرتا تھا لیکن اُس رات وہ وہیں رہنے کی ضد کرنے لگا۔

"ارے پاگل ہو تم بے وقوف لڑکے، بابو بھلا تمہیں کس جگہ سلائیں گے۔" اور اِس طرح بڑی مشکل سے اُس کا چاچا اُسے گاؤں لے گیا۔

بوڑھے بڑ کے درخت کے نیچے چاچا شہر کی باتیں سُنانے لگا اور جوگندر اپنے ساتھیوں کو لے کر ذرا پرے ہو کر بیٹھ گیا اور بڑے فخر سے کہنے لگا میں کار میں بیٹھوں گا۔ بعض لڑکے اُس کی قسمت پر رشک کرنے لگے اور کچھ نے اسے ایک گپ ہی سمجھا۔

ساری رات جوگندر کو خوشی کی وجہ سے نیند نہ آسکی۔ وہ صبح بہت جلدی اُٹھ گیا اور انتظار کرنے لگا کہ اُس کا چاچا بھی اُٹھ جائے لیکن وہ نہ اُٹھا تو تنگ آکر جوگندر نے خود ہی اُسے جگا دیا۔ پھر روٹی اور لسی کھا کر دونوں شہر روانہ ہوئے۔ دونوں اپنے اپنے کام میں مصروف ہو گئے۔ تھوڑی دیر میں بچے تو سکول چلے گئے اور مالک اپنا بیٹ لیکر دفتر کو سدھارا۔ جوگندر بیچارہ دیکھتا ہی رہ گیا، اُس سے کچھ بھی نہ بولا گیا۔ اُس نے سوچا کہ دفتر سے واپسی پر مالک اُسے سیر کرنے لے جائیگا اسلئے چُپ ہو رہا۔ اُس روز وہ تیزی اور پھرتی سے بھاگ بھاگ کر کام کرتا رہا۔ دوپہر کو مالک گھر آیا۔ جوگندر نے کہا کہ لاؤ بابو جی پاؤں دبا دوں تو اُس کا مالک ہنس پڑا۔

"کیوں جوگندر کیا بات ہے آج؟"

"کچھ نہیں حضور"

"تو آج اتنی جلدی اور اتنے اچھے کام کر رہے ہو۔"

جوگندر صرف ہنس دیا۔ وہ دوبارہ کار پر سوار ہونے کی خواہش کا اظہار نہیں کرنا چاہتا تھا۔ آخر ایک دفعہ کہہ دیا کافی ہوگا اس طرح ہو سکتا ہے کہ مالک کو غصہ آجائے۔ وہ انتظار کرتا رہا اور شام ہو گئی، شام کو اُس کا بابو اکیلا ہی کہیں چلا گیا جوگندر بیچارہ کچھ نہ بول سکا اور پھر اُن کا واپسی کا وقت آگیا لیکن اُن کا مالک نہ آیا۔ آخر وہ اپنے چاچا کے ساتھ گاؤں واپس آگیا۔

اُس نے راستہ میں چاچا سے ذکر کیا تو اُس کا چاچا ہنس کر کہنے لگا۔ "اے آج ہی مرنے لگے ہو، جس دن خود ہی مالک کا دل چاہیگا تمہیں سیر کرا لائے گا۔" جوگندر خوش ہو گیا۔

جوگندر بڑی بے تابی سے اُس روز کا انتظار کرنے لگا جس روز وہ کار میں بیٹھ کر سیر کریگا لیکن وہ دن نہ آیا۔ وہ روزانہ یہ سوچکر گاؤں سے آتا کہ آج کار میں بیٹھے گا لیکن ہر روز ہی اُس کا مالک چپکے سے اپنے کام پر چلا جاتا اُس نے کبھی جوگندر سے کوئی بات ہی نہ کی اور پھر اسی طرح ایک مہینہ گزر گیا۔ ایک روز وہ کوئی کام کر رہا تھا کہ باہر "پوں" کی آواز سُنائی دی۔ اُسے یوں محسوس ہوا کہ یہ وہی کار ہے جو اُس نے سب سے پہلے دیکھی تھی۔ وہ بھاگتا ہوا باہر گیا تاکہ اُس خاکی کپڑوں والے سے کہے کہ وہ اُس کو کار میں بٹھا لے۔ باہر جا کر دیکھا تو وہ کوئی اور کار تھی۔ اُس میں سے تین چار خاکی کپڑوں والے نکلے لیکن اُن میں وہ خاکی کپڑوں والا نہ تھا جس نے جوگندر کی بات مان کر "پوں" کیا تھا۔ وہ کھڑا دیکھتا رہا۔ سیٹھ نے اپنے نوکر کو بالوں سے پکڑ رکھا تھا اور اُسے لاکر خاکی کپڑوں والوں کے سپرد کر دیا۔ انہوں نے اُس کے ہاتھوں میں زنجیریں پہنائیں اور کار میں لے کر بیٹھ گئے اور پھر کار شوں فوں کرتی ہوئی چلی گئی۔

جوگندر بہت حیران ہوا۔ اُس نے سوچا کہ سیٹھ کا نوکر خوب ہے یہ سیٹھ کی کار کے علاوہ اور لوگوں کی کاروں میں بھی بیٹھتا ہے لیکن اب اُسکے دل میں یہ خلش تھی کہ بھلا یہ خاکی کپڑوں والے آدمیوں کے ساتھ کہاں گیا ہے۔ اس بات کو معلوم کرنے کے لئے اُس نے اپنے چاچا سے پوچھا۔

"بیٹا اس نوکر نے چوری کی تھی اور اب اُسے جیل لے جایا گیا ہے۔"

جوگندر نے سوچا کہ اگر وہ بھی چوری کرے تو اس طرح اُسے بھی خاکی کپڑوں والے کار میں بٹھا کر لے جائیں گے۔ اس خیال سے وہ خوش ہوا اور اُس نے اپنے دل میں چوری کرنے کا پکا ارادہ کر لیا۔

اپنے مالک کے گھر سے چوری کرنے کی ہمت اُس میں نہ تھی لیکن اب وہ ہر وقت اس سوچ میں گُم رہتا کہ کہاں چوری کرے۔ اُس نے اپنے گاؤں کے اکثر لوگوں سے مسجد سے جوتیوں کی چوری کے متعلق سُنا تھا چنانچہ اُس نے کسی مسجد سے جوتیاں اُٹھانے کا ارادہ کرلیا۔ اور پھر ایک روز جب نماز ہو رہی تھی وہ مسجد میں داخل ہوگیا اور جلدی سے ایک جُوتی اٹھا کر باہر کو لپکا۔ ساتھ والی گلی میں مُڑ گیا اور گلیوں میں سے ہوتا ہوا اپنے گھر جا پہنچا۔ اُسے کسی نے پکڑا ہی نہیں۔ وہ بہت پریشان ہُوا لیکن کچھ نہ ہو سکا۔ اُس نے سوچا شاید اُس نے چوری غلط کی ہے۔ یہ سوچ کر اُس نے کسی اور چیز کی چوری کرنے کی ٹھانی اور آخر ایک روز ایک دکان سے سودا لیتے ہوئے دکاندار کی نظر بچا کر ایک باٹ اُٹھا لیا۔ دکاندار کو پتہ بھی نہ چل سکا۔ گھر آکر اُس نے باٹ دکھ دیا لیکن اپنا مطلب پورا نہ ہونے کی وجہ سے بہت پریشان تھا۔ آخر اُس نے چاچا سے ہی پوچھا کہ سیٹھ کے نوکر نے کیا چوری کی تھی۔

"بٹیا اُس نے سیٹھ کی تجوری میں سے روپے چوری کئے تھے۔"

اب جوگندر کو سمجھ آگئی کہ روپے چوری کرنیوالوں کو خاکی کپڑوں والے کار میں بٹھا کر لیجاتے ہیں۔ چنانچہ اُس نے روپوں کی چوری کرنیکا فیصلہ کرلیا اور چوری کرنے کیلئے اُسکی آنکھیں آجا کے اُسی باٹ والی دکان پر آرکیں اور ایک روز جب دکاندار دکان کے پچھلی طرف سودا لینے کے لئے گیا تو اُس نے تجوری میں ہاتھ ڈال کر بہت سے نوٹ پکڑ لئے اور ابھی ہاتھ باہر نکالنے کو ہی تھا کہ دکان دار مُڑا اور پوچھنے لگا "کیوں کاکا کتنے چاول؟"

لیکن جب کاکے کا ہاتھ تجوری میں دیکھا تو بھاگا ہُوا آیا اور اُس کے کان پکڑ کر خوب لگائیں۔ جوگندر کی چیخیں سُن کر کچھ لوگوں نے منع کرنا چاہا تو دکاندار نے اُسکی چوری کے متعلق بتا دیا۔ جوگندر نے بہت مار کھائی اور اس انتظار میں رہا کہ ابھی اُسے خاکی کپڑوں والے کار میں بٹھا کر لیجائیں گے۔

"پولیس کے حوالے کرو سالے کو۔" مجمع میں سے کوئی شخص بولا۔

"چھوڑو یار اتنے سے لڑکے کو پولیس کے ہاتھ کیا چڑھانا۔"

"ارے ایسے ہی بڑے ہو کر ڈاکو اور اچکے بنتے ہیں۔"

"لیکن اِسے مار پڑی ہے کہ بچہ جی سُدھر جائے گا۔" ایک اور آواز آئی۔

اور پھر چند اور تھپڑ مارنے کے بعد اُسے چھوڑ دیا گیا۔ جوگندر کار پر پھیرا ہُوا ہاتھ دوسرے ہاتھ پر پھیرتا ہُوا چل پڑا۔

وہ بہت حیران تھا کہ اُس نے سیٹھ کے نوکر کی طرح روپوں کی چوری بھی کی لیکن خاکی کپڑوں والے اُسے کار میں بٹھا کر لیجانے کے لئے نہیں آئے۔ اُس نے سوچا شاید ابھی آجائیں۔ اور اسی سوچ میں گُم چلا جا رہا تھا کہ سامنے سے آتی ہوئی ایک تیز رفتار کار نے ہارن دیا۔ "پوں" ہُوا تو اُس نے جلدی سے سر اُٹھا کر دیکھا کہ شاید خاکی کپڑوں والے اُسے لینے کے لئے آگئے ہیں۔ اُس نے ہنس کر کار کی طرف دیکھا۔ وہ بالکل اُس کے سر پر آگئی تھی۔ اب اُسے سمجھ آگئی کہ وہ کار کے نیچے آرہا ہے۔ وہ بھاگ کر کار کی زد سے نکلا اور پیچھے سے آنیوالی کار کی تیزی نے جوگندر کی تیزی کو کُچل دیا۔ کار رُک گئی، کار میں بیٹھنے والے لوگوں نے جوگندر کی نبضیں ٹٹولیں، پھر اُسے اُٹھا کر کار میں ڈالا لیکن اتنی دیر میں جوگندر کا کار پر پھیرا ہُوا ہاتھ دوسرے ہاتھ پر پھرتا ہُوا ساکن ہو چکا تھا اور پھر کار جوگندر کے مُردہ جسم کو لیکر ہسپتال کی طرف اُڑ رہی تھی ——!

انعام ہاشمی
بی۔اے (سال دوم)

یادِ رفتگاں

ہمارے کالج کی چند مایۂ ناز ہستیاں جو ہم کو داغِ مفارقت دے چکی ہیں لیکن جن کے کبھی کبھار کالج میں ورود کا خدشہ رہتا ہے
اگرچہ اِن شخصیات کے بارہ میں مجھے لب کشائی کرتے کچھ ہچکچاہٹ محسوس ہوتی ہے لیکن افادۂ عام کے لئے پیشِ خدمت ہیں۔

اُدیب۔ج صاحب

اِن کی پیدائش کے بارہ میں اکثر مؤرخین میں جھگڑا رہا ہے اور خیال ہے کہ یہ جھگڑا چلتا چلا جائے گا۔ پیدائش کا دن نکالتے وقت اکثر مؤرخین میں جمع تفریق کا فرق رہ گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کوئی اِن کی پیدائش کا دن بُدھ بتاتا ہے یا پھر پیر کا دن!
..... میری نگاہ میں پیر کا دن زیادہ موزوں ہے کیونکہ پیر کے دن پیدا ہونے والا عموماً پیر و مرشد والی عادات رکھتا ہے اور اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ آپ بھی پیری مریدی کا سلسلہ رکھتے ہیں۔ اور ویسے بھی گول چہرہ، مُشت بھر داڑھی اور پیر و مرشد والا جُبّہ اِسی بات کی غمّازی کرتا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ ہر قسم کے فکر (بلکہ قید و بند) سے آزاد ہیں ـــــ اگرچہ ابھی تک "فارغ البال" نہیں ہوئے۔
آپ اتنے زیادہ دُبلے پتلے ہیں کہ ایک دفعہ دیکھنے کے لئے دو دفعہ دیکھنا پڑتا ہے۔ اِسی لئے اکثر کالی اچکن پہنے رہتے ہیں کہ جلدی نظر آجائیں۔
عینک لگاتے ہیں، اگرچہ عینک کے بغیر بھی حدِّ نگاہ تک کلاس میں بیٹھے ہوئے شاگردوں تک پہنچ سکتی ہے لیکن پھر بھی شاگرد اکثر اودھم مچاتے نظر آتے ہیں۔
مطالعہ کا بہت شوق ہے، یہی وجہ ہے کہ اکثر اُن کے گھر کے سامنے ردّی خریدنے والوں کا ہجوم رہتا ہے اور کباڑیوں کی دکانیں آباد ہو چکی ہیں۔ اکثر دکانوں سے خرید کی ہوئی اشیاء ان کے ردّی کے کاغذات میں بندھتی ہیں۔ یہ قومی نقصان نہیں ہے بلکہ اگر ان کی یہ ردّی نہ ہو تو پھر دکانداروں کو بڑی مصیبت کا سامنا کرنا پڑے۔
آپ کے شاعر ہونے کے متعلق طرح طرح کی افواہیں مشہور ہیں۔ ان میں سے کچھ تو بالکل غلط ہیں لیکن بعض کے متعلق کچھ کہا نہیں جاتا کیونکہ ان کی صحت پر یقین نہیں ہے۔

شادی کے بارہ میں دبی زبان سے اپنا بیان کر دیتے ہیں۔ اگرچہ میرا اس سلسلہ میں لب کشائی کرنا مدعی سست گواہ چست والا معاملہ ہے لیکن بات دراصل یہ ہے کہ اس بارہ میں گزشتہ سے پیوستہ المنار کے شمارہ میں "ضرورت ہے ضرورت ہے" کے عنوان سے ایک مضمون شائع ہوا تھا جس میں آپ نے بیوی کے انتخاب کے بارے میں عجیب و غریب ماپ تول پیش کئے۔ خدا کرے وہ آپ کے انتخاب پر پوری اترے ..... اگرچہ عرصہ گزر گیا ہے کہ یہ صاحب ماں باپ کو اپنا سفید سر دکھاتے رہے ہیں کہ شاید ماں باپ اسی بہانے شادی کر دیں۔ مگر ماں باپ یہی جواب دے کر خاموش کر دیتے ہیں۔ بیٹا فکر نہ کرو کچھ روز اور عیش کر لو۔!!

نہایت شریف النفس انسان ہیں۔ باہر نکلتے ہیں تو ہمیشہ نظریں نیچی کر کے چلتے ہیں۔ اکثر لوگوں سے سائیکلوں والوں سے اور موٹروں سے ٹکراتے ٹکراتے بچے ہیں۔

آپ نے اپنے تعلیمی دور میں کئی مقالے لکھے ہیں۔ پشاور کی سرد آب و ہوا کے باوجود آپ وہاں کے آل پاکستان مقالہ نویسی کے مقابلہ میں سیکنڈ پوزیشن حاصل کر چکے ہیں۔

آپ کو فخر ہے کہ آپ کا نہ کوئی دشمن ہے اور نہ کوئی دوست۔ المنار کے ایڈیٹر بھی عرصہ دراز تک رہ چکے ہیں۔

د۔ د۔ ز صاحب

آپ کا سن پیدائش بھی ایک راز ہے جو راز ہی رہے گا۔ اتنا معلوم ہے کہ آپ قادیان کی پیداوار ہیں۔

اوائل جوانی میں (لگاتار سگریٹ اور چائے نوشی سے) کافی بیزار رہے۔ پھر آہستہ آہستہ یہ عادت بھی پڑ گئی۔ ایک دن اچھے بھلے بیٹھے تھے کہ نہ جانے کیا ہوا وکیل بن گئے۔

آپ بے حد پریکٹیکل انسان ہیں۔ ۵۶ء میں غالباً میٹرک کیا۔ چونکہ میٹرک کر چکے تھے اس لئے بی۔ اے بھی کرنا پڑا۔ اور جب بی۔ اے کر لیا تو لاء کرنے چلے گئے۔

لاء کراچی سے کیا ہے لیکن چونکہ داڑھی نہیں ہے اس لئے لوگ مقدمات کے سلسلہ میں آپ کو ایک نوجوان سمجھ کر آپ کے پاس نہیں آتے۔ اور اسی لئے اب داڑھی رکھنے کی فکر میں ہیں۔

باسکٹ بال کے کھلاڑی رہ چکے ہیں۔ اگر ان سے ساتھی کا سکور ۲۰ سے اوپر ہوتا ہے تو یہ بھی دو سکور کا خون لگا کر شہیدوں میں شامل ہو جایا کرتے تھے۔

آپ کو فخر ہے کہ آپ المنار کی ایڈیٹری ایک سال تک کرتے رہے ہیں۔ وضعداری کے پابند ہیں۔ کوئی بلائے تو دیر سے پہنچتے ہیں، اکثر آتے ہی نہیں۔ اسی لئے لوگ آپ کو تقریبوں میں اسی وجہ سے بلاتے ہیں کہ آپ آئیں گے نہیں۔

شادی کے بارہ میں دبی زبان سے اپنا بیان کر دیتے ہیں۔ اگرچہ میرا اس سلسلہ میں لب کشائی کرنا مدعی سست گواہ چست والا معاملہ ہے لیکن بات دراصل یہ ہے کہ اس بارہ میں گزشتہ سے پیوستہ المنار کے شمارہ میں "ضرورت ہے ضرورت ہے" کے عنوان سے ایک مضمون شائع ہوا تھا جس میں آپ نے بیوی کے انتخاب کے بارے میں عجیب و غریب ماپ تول پیش کئے۔ خدا کرے وہ آپ کے انتخاب پر پوری اترے ..... اگرچہ عرصہ گزر گیا ہے کہ یہ صاحب ماں باپ کو اپنا سفید سر دکھاتے رہے ہیں کہ شاید ماں باپ اسی بہانے شادی کر دیں۔ مگر ماں باپ یہی جواب دے کر خاموش کر دیتے ہیں۔ بیٹا فکر نہ کرو کچھ روز اور عیش کر لو۔!!

نہایت شریف النفس انسان ہیں۔ باہر نکلتے ہیں تو ہمیشہ نظریں نیچی کر کے چلتے ہیں۔ اکثر لوگوں سے سائیکلوں والوں سے اور موٹروں سے ٹکراتے ٹکراتے بچے ہیں۔

آپ نے اپنے تعلیمی دور میں کئی مقالے لکھے ہیں۔ پشاور کی سرد آب و ہوا کے باوجود آپ وہاں کے آل پاکستان مقالہ نویسی کے مقابلہ میں سیکنڈ پوزیشن حاصل کر چکے ہیں۔

آپ کو فخر ہے کہ آپ کا نہ کوئی دشمن ہے اور نہ کوئی دوست۔ المنار کے ایڈیٹر بھی عرصہ دراز تک رہ چکے ہیں۔

د۔ د۔ ز صاحب

آپ کا سن پیدائش بھی ایک راز ہے جو راز ہی رہے گا۔ اتنا معلوم ہے کہ آپ قادیان کی پیداوار ہیں۔

اوائل جوانی میں (لگاتار سگریٹ اور چائے نوشی سے) کافی بیزار رہے۔ پھر آہستہ آہستہ یہ عادت بھی پڑ گئی۔ ایک دن اچھے بھلے بیٹھے تھے کہ نہ جانے کیا ہوا وکیل بن گئے۔

آپ بے حد پریکٹیکل انسان ہیں۔ ۵۶ء میں غالباً میٹرک کیا۔ چونکہ میٹرک کر چکے تھے اس لئے بی۔ اے بھی کرنا پڑا۔ اور جب بی۔ اے کر لیا تو لاء کرنے چلے گئے۔

لاء کراچی سے کیا ہے لیکن چونکہ داڑھی نہیں ہے اس لئے لوگ مقدمات کے سلسلہ میں آپ کو ایک نوجوان سمجھ کر آپ کے پاس نہیں آتے۔ اور اسی لئے اب داڑھی رکھنے کی فکر میں ہیں۔

باسکٹ بال کے کھلاڑی رہ چکے ہیں۔ اگر ان سے ساتھی کا سکور ۲۰ سے اوپر ہوتا ہے تو یہ بھی دو سکور کا خون لگا کر شہیدوں میں شامل ہو جایا کرتے تھے۔

آپ کو فخر ہے کہ آپ المنار کی ایڈیٹری ایک سال تک کرتے رہے ہیں۔ وضعداری کے پابند ہیں۔ کوئی بلائے تو دیر سے پہنچتے ہیں، اکثر آتے ہی نہیں۔ اسی لئے لوگ آپ کو تقریبوں میں اسی وجہ سے بلاتے ہیں کہ آپ آئیں گے نہیں۔

س۔ش۔ص صاحب

حساب بالکل نہیں جانتے۔ اکثر سولہ دُونے آٹھ کہتے ہیں۔ حساب سے یوں بھاگتے ہیں جیسے چور کی داڑھی سے تنکا۔
اکثر یہ مرزا رشید گورگانی کا یہ شعر گنگناتے رہتے ہیں ؎

ہم سے اللہ بھی لے گا نہ قیامت میں حساب
کیونکہ دنیا میں ریاضی نہیں آتی ہم کو

غالباً ۱۹۴۰ء میں پیدا ہوئے۔ اگر ۴۱ یا ۴۲ میں بھی پیدا ہوتے تو کوئی فرق نہ پڑتا۔
کانی ہاؤس کے مباحثوں میں عموماً سرگرمی سے لیتے رہے ہیں۔ جگہ جگہ جوشیلی تقریریں کرتے رہے ہیں۔ آخر آپ کامیاب ہوگئے اور المنار کی ایڈیٹری آپ کے دائرۂ اختیار میں ۲ سال تک رہی ہے۔
مقالہ نویس بھی رہ چکے ہیں۔
آپ کا مضمون "مکھیوں کی کانفرنس" جو گزشتہ سے پیوستہ المنار میں ان ہی کی زیر نگرانی چھپا تھا پڑھتا رہا ختم نہ ہوا۔ لیکن میرا دماغ ختم ہوگیا۔ کچھ پلّے نہ پڑا (سوائے مکھیوں کے)

ط۔ظ۔ع۔غ صاحب

ان کی حالت عموماً نارمل رہتی ہے۔ جھوٹ بولنے کے خاص ماہرین میں سے ہیں۔ جدید قسم کا جھوٹ بولتے ہیں اور پھر ڈکار لئے بغیر نگل جاتے ہیں۔ نہ جانے ہضم کیسے کرتے ہیں؟
کھیل سے بہت زیادہ محبت ہے۔ والی بال کے مشہور کھلاڑی رہ چکے ہیں۔ کیپٹن کا اعزازی امتیاز بھی حاصل کیا ہے۔ یونیورسٹی کے اکثر مقابلہ جات میں حصّہ لیتے رہے ہیں لیکن انتخاب میں نہیں آسکے۔ ان کا حصّہ لینا ہی کیا کم تھا؟
اب جو کوئی امید نظر نہ آئی تو افریقہ بھاگ گئے۔ شاید وہاں اپنی دھاک بٹھائیں گے !!

ق۔ک۔ل صاحب

لطائف سُنانے میں خاص طور پر مہارت رکھتے ہیں (سکّھوں کے اپنے نہیں)۔ اداکاری کے سلسلہ میں ضرورت سے زیادہ سنجیدہ ہیں اسی لئے ابھی تک ہیرو نہیں بن سکے۔ چوبیس گھنٹوں میں سے ۱۵ گھنٹے سوتے ہیں۔ اور اتنے زور سے خراٹے لیتے ہیں کہ خود ہی جاگ اُٹھتے ہیں ——— آجکل تھانیداری کے چکّر میں ہیں خدا خیر کرے !!

عطاء المجيب راشد

ايم اے الدرجة الاولى (عربى)

مسئلة التقدير

—:o:—

الايمان بالقدر خيره و شره

—:o:—

مسئلة القدر خيره وشره جزء من الايمان الاساسى فى الاسلام - و معنى هذه العقيدة ان الله تعالى خلق هذا العالم و قد احاط علمه تعالى بكل شيئ على وجه الارض وما تحتها ، بادياً كان ذالك الشيئ او مستورا ، موجوداً فى اى زمن كان — والمسلم لاجل هذه العقيدة يوقن بان الله تعالى ، لعلمه الواسع المحيط ، يعلم مصير كل رجل يمشى على الارض وهو ايضاً يعلم عواقب افعال كل انسان يقضى حياته فى هذا العالم.

قال الله تعالى :

" انا كل شيئ خلقنه بقدر " (القمر ٤٩)

ثم قال عز وجل :

" خلق كل شيئ فقدره تقديراً " (الفرقان ٢)

ولكن مع هذا العلم وقدره تعالى كل رجل مختار فى امره - وعلم الله و قدره لا يحول بينه و بين اعماله و افعاله لان الله تعالى خلق الانسان فى احسن تقويم و وهبه الارادة والنية ، وعلم الله تعالى وقدره مطابق لافعال الانسان وعزائمه - و معنى ذالك بانه يمكن للرجل الشقى ان يتوب عن سئياته وان يعمل عملا حسناً و يكون من خيار الناس - والله يعلم منذ الازل بتقلب رجل من الشقاء الى السعادة او من السعادة الى الشقاء كيفما كان الامر كائناً -

قدجاء فی التنزیل ان کل مومن یقول لربه تعالی :

”ایاک نعبدو ایاک نستعین ،، (فاتحة ٥)

هذه الآیة الکریمة تدل علی حریة الانسان فی افعاله و اعماله لانه یقول اللهم انا نعبدک بالاختیار والرغبة ولکننا لا نستطیع ان ننال رضاک بمحض تدبیرنا فقط بل نحن فی حاجة شدیدة الی نصرتک و عونک فنلتجئی الیک ونستنصرک بان تهدینا صراطک المستقیم -

وخلاصة هذا البحث ان الله تعالی قد احاط بکل شیئ علماً ولکنه وهب الخیار لکل انسان فی اموره خیرها و شرها وجعل له الاجر والجزاء طبق اعماله. هذا والانسان یحتاج الی نصرة الله تعالی فی جمیع افعاله لانه ضعیف لا یقدر علی شیئ الا باذنه و قد اعطاه الله قدرة و سخرله ما فی السموات والارضین - فالانسان حر طلیق لافعاله فی دائرته المحدودة و مثله کمثل الثور حبسه مالکه بمقود ووتد وهو یدور حول الوتد ولا یستطیع ان یخرج من دائرة المقود - فنحن نستطیع ان نقول انما التدبیر و التقدیر هما نهران جاریان متقابلان لا یبغیان ولیس بینهما تناقض و مشادة -

ان الله تعالی قد قدر کل شیئ وهو غالب علی امره وهو علی مایشاء قدیر- والله تعالی رحیم ودود ذو رحمة عظیمة ، لامقطوعة ولا ممنوعة ، لعباده المنیبین- ولاجل ذالک کثیراً ما یبدل القدر حین یدعوه الانسان المضطر و یطلب رحمته - فیجب علی الناس ان یومنوا بقدرة الله تعالی و علمه و ان یکونوا لایزالون یطلبون رضاه ونصرته و کل حسنة فی الدارین -

سعيده حسن
ايم - اے الدرجة النهائية (عربى)

زهير بن ابى سلمى

نشاء زهير بن ابى سلمى ربيعة بن رباح المزنى فى اقارب ابيه - و لزم بشامة بن الغدير خال ابيه - و كان رجلا ذا راى وفطانة - تأثر زهير بعلمه و حكمته و لذالك شعر زهير عريق فى الحكمة - وهو يعد من الفحول الثلثة - و فى الناس من يفضله على امرى القيس والنابغة للوجوه الاتية -

(١) شعره يمتاز بصدق الحجة و خلوه من الحشو والتعقيد -

(٢) يجمع الكثير من المعاني فى قليل من الالفاظ -

(٣) وهو منفرد فى الشعراء فى اجادة المدح و ضرب المثل و ارسال الحكمة -

(٤) و زهير من عبيد الشعر الذين تعملوه و نقحوه تنقيحا كاملا -

(٥) وله قصائد تعرف بالحوليات يزعمون انه كان ينظمها فى اربعة اشهر ويهذ بها فى اربعة فى ثم يعر ضها على خاصة الشعراء فى اربعة فلا ينشدها الناس الا بعد حول -

(٦) و ابوه و خاله و اختاه سلمى و الخنساء و ولداه كعب و بجير من الشعراء المذكورين و ذلك ما لم يكن لغيره -

(٧) قال ابن عباس سئلنى عمر " أنت تحفظ شعراً لاشعر الشعراء ؟،، قلت من هو - فقال من يقول هذا -

ولو ان حمداً يخلد الناس أخلدوا
و لكن حمد الناس ليس بمخلد

قلت هذا قول زهير . فقال " نعم انه اشعر الشعراء،، قلت كيف -

